CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار، باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
امروز
www.dailyimroze.com
جلد نمبر 18 | جمعرات 06 مارچ 2025ء 05 رمضان المبارک 1446ھ | 4 صفحات | قیمت 10 روپے | شمارہ 65

بنوں کینٹ حملہ ناکام بنا، 16 دہشتگرد ہلاک، 5 جوان وطن پر قربان ہوئے

ترجمان پاک فوج

پاک فوج کے جوانوں نے بے مثال جرات اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے حملہ آوروں کو نشانہ بنایا اور 16 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جن میں 4 خودکش بمبار بھی شامل تھے

دھماکوں اور فائرنگ سے قریب واقع ایک مسجد، رہائشی عمارت کے متاثر ہونے سے 3 بے گناہ شہری شہید، 2 زخمی ہو گئے، آئی ایس پی آر

توقع ہے افغان حکومت اپنی سرزمین پاکستان کیخلاف استعمال ہونے سے روکے گی، پاکستان سرحد پار سے آنیوالے خطرات پر ضروری اقدامات کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے، بیان

راولپنڈی/بنوں (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں کے علاقے کینٹ میں بزدلانہ دہشت گرد حملہ ناکام بنا کر 16 حملہ آوروں کو ہلاک کر دیا جبکہ شدید جھڑپ کے دوران 5 بہادر فوجی مادر وطن پر قربان ہو گئے۔ آئی ایس پی آر سے جاری بیان کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

آئی ایم ایف کا اخراجات میں کمی کیلئے اصلاحاتی اقدامات پر فوری عمل کا مطالبہ

ریونیو شارٹ فال پر کوئی گنجائش نہیں، آئندہ سہ ماہی میں 300 ارب کا شارٹ فال پورا کیا جائے

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف نے اخراجات میں کمی کیلئے حکومت سے اصلاحاتی اقدامات پر فوری عمل کا مطالبہ کر دیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف سے کیجنٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد میں نئی حلقہ بندیوں سے متعلق اعتراضات پر فیصلہ محفوظ

حلقہ بندی اتھارٹی فیصلے الیکشن کمیشن کو بھجوائے گی، نوٹیفکیشن 15 مارچ تک جاری کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں نئی حلقہ بندیوں سے متعلق اعتراضات پر فیصلہ محفوظ کر لیا گیا، حلقہ بندی اتھارٹی فیصلے الیکشن کمیشن کو بھجوائے گی جبکہ نوٹیفکیشن 15 مارچ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

امریکی صدر کا بیان دہشتگردی کیخلاف پاکستان کی قربانیوں کا اعتراف ہے

شہباز شریف

پاکستان نے دہشت گردی کیخلاف جنگ میں اہم کردار ادا کیا، امریکی صدر کا بیان دہشتگردی کی کیخلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں کا اعتراف ہے، پاکستان کی انسداد دہشتگردی کی کوششوں کا اعتراف خوش آئند ہے

پاکستان ہمیشہ انسداد دہشت گردی کی کوششوں میں ایک کلیدی کردار ادا کرتا رہا ہے تاکہ دہشت گردوں اور شدت پسند گروہوں کو محفوظ پناہ گاہوں سے محروم کیا جا سکے اور کسی بھی ملک کے خلاف ان کی کارروائیوں کو روکا جا سکے

امریکی صدر کا منصب سنبھالنے کے بعد کانگریس سے پہلے طویل ترین خطاب میں ڈونلڈ ٹرمپ نے افغانستان میں دہشت گردی کے خلاف تعاون پر حکومت پاکستان سے اظہار تشکر کیا ہے

اسلام آباد: (آئی پی ایس) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ امریکی صدر کا بیان دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں کا اعتراف ہے۔ اپنے ایک بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیان کا خیر مقدم کیا ہے۔ انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

لاہور: وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی کے اجلاس میں بریفنگ دی جا رہی ہے۔

خضدار کی تحصیل ناال میں دھماکہ، 4 افراد جاں بحق، 5 زخمی ہو گئے

دھماکے کے باعث 1 گاڑی جل کر تباہ ہو گئی، دھماکے کے زخمیوں کو خضدار ٹیچنگ ہسپتال منتقل کر دیا گیا

موقع سے شواہد اکٹھے کر کے دھماکے کی نوعیت کا اندازہ لگایا جا رہا ہے، واقعے سے متعلق مزید تحقیقات جاری ہیں

بلوچستان (آئی پی ایس) بلوچستان کے ضلع خضدار کی تحصیل ناال بازار میں دھماکا ہوا ہے، جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 4 زخمی ہو گئے۔ پولیس نے بتایا کہ دھماکے کے بعد گاڑیوں میں آگ بھڑک اٹھی، موقع سے شواہد اکٹھے کر کے دھماکے کی نوعیت کا معلوم کیا جا رہا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی کا اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) وزارت نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ نے اصلاحی اقدامات کے ذریعے زرعی معیشت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس 10 مارچ کو طلب، سمری صدر مملکت کو ارسال

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس 10 مارچ کو طلب کر لیا گیا۔ وزارت پارلیمانی امور نے 10 مارچ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

26 نومبر احتجاج: پی ٹی آئی کے 52 کارکنوں کی ضمانت منظور، رہائی کا حکم

بادی النظر میں ملزمان کیخلاف مزید انکوائری کا کیس ہے، انسداد دہشتگردی عدالت

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے 26 نومبر احتجاج کے دوران توڑ پھوڑ اور دیگر الزامات سے متعلق کیسز میں پاکستان تحریک انصاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف پولیو کے خاتمے کی مہم کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ہارون اختر خان کا معیشت اور ٹیکس پالیسی میں وسیع تجربہ ہے

کابینہ میں شمولیت موجودہ حکومت کی معیشت کی بہتری میں خصوصی دلچسپی کو ظاہر کرتا ہے

میاں عبدالغفار، خواجہ ریاض حسین، عامر قدیر، اسحاق بریار، شہباز علی ملک کا خیر مقدم

لاہور (این این آئی) اقتصادی ماہرین اور صنعتکاروں نے معیشت اور ٹیکسیشن امور پر گرفت رکھنے والے ہارون اختر خان کی وفاقی کابینہ میں وزیر اعظم کے معاون خصوصی کے طور پر تعیناتی کو مثبت اقدام قرار دیا ہے۔ پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے صدر میاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

8 ملکوں سے مزید 19 پاکستانی کو بے دخل کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

کراچی: گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے جنرل محمد این ایم اسمٹی گورنر ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں۔

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا پر کرپشن کے الزامات جھوٹے ہیں: بیرسٹر گوہر

الزامات کا مقصد وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور کو بدنام کرنا ہے

اسلام آباد (آئی پی ایس) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ اور خیبر پختون خوا حکومت پر مبینہ کرپشن کے الزامات جھوٹے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی ورکرز اور رہنماؤں سے کرپشن کے ثبوت مانگے تاہم کسی نے ثبوت نہیں دیے۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ کرپشن کے الزامات کا مقصد وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

قوم کو سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر ناز ہے، محسن نقوی

دکھ کی گھڑی میں شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بنوں کینٹ میں فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ بدھ کو جاری بیان میں محسن نقوی نے کہا کہ بہادر سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کر کے 6 خوارج دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا، خوارج دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو خاک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

حکومت کا ہر دن ترقی و عوام کیلئے خوشخبریاں لے کر طلوع ہوا، مریم اورنگزیب

یہ سچائی ایک بار پھر ثابت ہو چکی ہے، سینیٹر صوبائی وزیر

لاہور (این این آئی) سینیٹر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ نواز شریف کی رہنمائی میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت کے 365 دن کا ہر روز، ہر لمحہ پاکستان کی ترقی اور عوام کے ریلیف کی خوش خبریاں لے کر طلوع ہوا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں گزرے ایک سال پاکستان نے مایوسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

حکومت بتائے کہ ظلم کے علاوہ ایک سال میں انہوں نے کیا کیا؟ شبلی فراز

وفاقی حکومت نے عوام کیلئے کچھ نہیں کیا، پشاور میں گفتگو

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما شبلی فراز کا کہنا ہے کہ حکومت بتائے کہ ظلم کے علاوہ ایک سال میں انہوں نے کیا کیا؟ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے عوام کیلئے کچھ نہیں کیا، جن کو عوام نے مسترد کیا ان کو وزراء بنا دیا گیا۔ شبلی فراز کا کہنا ہے کہ غیر جمہوری طور پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

بے گھر عوام کو چھت دینے کی فکر ہے، 5 لاکھ گھروں کی تعمیر کیلئے پرعزم ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب

وزیر اعلیٰ پنجاب نے پھاٹا کو مارچ تک ہدف پورا کرنے کی ہدایت کی، فری پلاٹ حاصل کرنے والے افراد کو گھر بنانے کے لئے قرض دینے کا بھی جائزہ لیا گیا

19 اضلاع میں پھاٹا کی سابقہ 23 ہاؤسنگ اسکیموں کی بہتری اور بحالی کا حکم دیتے ہوئے ان اسکیموں کے لیے فنڈز جاری کرنے کے لیے اقدامات کی ہدایت کی

لاہور (آئی پی ایس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ 5 سال میں 5 لاکھ گھر بنانے کا ہدف پورا کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں 3 مرلہ فری پلاٹ اسکیم سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کو فوری رہا کیا جائے، رانا جاوید عمر

آزاد سیاست، شفاف الیکشن اور آئین پاکستان کے تحت ہی ملک چل سکتا ہے

رائے ونڈ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رانا جاوید عمر نے کہا ہے کہ جعلی الیکشن سے بننے والے حکومت ماورائے آئین فیصلے کر کے جمہوریت کو نقصان پہنچا رہی ہے، آزاد سیاست، شفاف الیکشن اور آئین پاکستان کے تحت ہی ملک چل سکتا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

داعش کمانڈر کو پاکستانی اداروں نے اسپیشل آپریشن کے دوران گرفتار کیا

اسلام آباد (این این آئی) کابل ایئرپورٹ پر حملے کے دوران 13 امریکی فوجی مارنے میں ملوث داعش کمانڈر محمد شریف اللہ عرف جعفر کو پاکستانی اداروں نے اسپیشل آپریشن کے دوران حراست میں لیا۔ میڈیا رپورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

225 گاڑیوں پر مشتمل سامان رسد کا ایک بڑا قافلہ پاراچنار پہنچ گیا

پاک افغان طورخم بارڈر آج 12 ویں روز بھی تجارتی سرگرمیوں اور پیدل آمدورفت کے لیے بند

پاراچنار (این این آئی) پاک افغان طورخم بارڈر آج 12 ویں روز بھی تجارتی سرگرمیوں اور پیدل آمدورفت کے لیے بند ہے، بارڈر بندش کے باعث ہزاروں مسافر اور گاڑیاں دونوں طرف پھنس گئیں، تجارتی سرگرمیاں بند ہونے سے تاجروں کو بھی کروڑوں روپے کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

کراچی: میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب بلدیہ ٹاؤن رشید آباد میں شہید محترمہ بے نظیر بھٹو فیملی پارک کا افتتاح کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

ملٹری کورٹ پر اعتراض ہے کہ ٹرائل غیر جانبدار نہیں ہوتا، آئینی بنچ

جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی لارجر بینچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت کی

آرمی کا کیا کام ہوتا ہے، آرمی کے کام میں ایگزیکٹو کہاں سے آ گیا، عابد زبیری نے جواب دیا کہ آرمی کا کام سرحد پر لڑنا ہے، جسٹس محمد علی مظہر نے استفسار کیا

اسلام آباد (این این آئی) فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران جسٹس محمد علی مظہر نے کہا ہے کہ ملٹری کورٹ پر ایک یہ اعتراض ہے کہ ملٹری ٹرائل غیر جانبدار نہیں ہوتا۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی لارجر بینچ نے فوجی عدالتوں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

بلال بن ثاقب پاکستان کرپٹو کونسل کیلئے وزیر خزانہ کے مشیر تعینات

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے بلال بن ثاقب کو پاکستان کرپٹو کونسل کیلئے وزیر خزانہ کے مشیر کے طور پر تعینات کر دیا۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری کردہ تفصیلات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

عوام کو ریلیف فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، ملک افضل کھوکھر

حکومت عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچانے کے لیے کوشاں ہے، چیئرمین

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی و چیئرمین پنجاب مڈل بازار کمپنی ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ لاہور سمیت صوبہ بھر میں ناجائز منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، حکومت ماہ رمضان المبارک میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

خیبر حکومت دہشتگردوں کے سامنے بے بس نظر آ رہی ہے، جے یو آئی

اگر خیبر حکومت دہشتگردی واقعات کو کنٹرول نہیں کر سکتی تو مستعفی ہو جائے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سنی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سنی لاہور فیضان شجاع بٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال سی او ایم گروپ آف کالجز کی چوتھی سالانہ کانووکیشن تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

کراچی: امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان ادارہ نور حق میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

پشاور ہائیکورٹ کا پی ٹی آئی رہنما فیصل جاوید کو گرفتار نہ کرنے کا حکم

فیصل جاوید کیخلاف اسلام آباد میں 16 ایف آئی آرز درج ہیں، ڈپٹی اٹارنی جنرل

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما سینیٹر فیصل جاوید کو حفاظتی ضمانت دے دی۔ سینیٹر فیصل جاوید کی مقدمات تفصیلات کے لئے دائر درخواست پر پشاور ہائی کورٹ کے جسٹس صاحبزادہ اسد اللہ اور جسٹس ثابت اللہ نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

پشاور، نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے حساس ادارے کے افسر کو شہید کر دیا

اداروں نے ملوث عناصر کا سراغ لگانے کیلئے علاقے میں سرچ آپریشن کر دیا

پشاور (این این آئی) پشاور میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے حساس ادارے کے انسپکٹر شاہد انور ولد عبدالحنان شہید کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق واقعہ پشاور کے تھانہ مچنی گیٹ کی حدود میں عزیز ٹاؤن کے علاقے میں پیش آیا جہاں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے حساس ادارے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

حکمران دہشتگردی روکنے کے لیے پالیسی نہیں بنا رہے، علی امین کی وفاق پر سخت تنقید

ارباب نیاز اسٹیڈیم کا نام بانی پی ٹی آئی کے نام سے منسوب کرنا عوام کی خواہش تھی، علی امین گنڈاپور

وفاق کیسز تو بنا رہا ہے لیکن امن و امان کی صورتحال پر توجہ نہیں دے رہا، وزیر اعلیٰ کی میڈیا سے گفتگو

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ ارباب نیاز اسٹیڈیم کا نام بانی پی ٹی آئی کے نام سے منسوب کرنا عوام کی خواہش تھی۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور نے کہا کہ ہمارے صوبے کے پیسے نہیں دیے جا رہے، حیران ہوں کہ وفاق تو ہم پر سیاسی مقدمات قائم کر رہا ہے، وفاق کیسز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

پنجاب پبلک سروس کمیشن کا 87 سینئر رجسٹرارز انیستھیزیا کے نتائج کا اعلان

87 سینئر رجسٹرارز انیستھیزیا کے بعد اب سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی سرجریز میں بہتری آ جائیگی

لاہور (این این آئی) محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے سرکاری ہسپتالوں میں سینئر رجسٹرارز انیستھیزیا کی کمی پوری کرنے کیلئے ایک اور کامیابی حاصل کر لی۔ پنجاب پبلک سروس کمیشن نے 87 سینئر رجسٹرارز انیستھیزیا کے نتائج کا اعلان کر دیا۔ سرکاری ہسپتالوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

لاہور ہائیکورٹ نئے تعینات ہونے والے 4 ایڈیشنل ججز نے حلف اٹھا لیا

ایڈیشنل ججز کے طور پر حلف اٹھانے والوں میں راجہ غضنفر علی خان، تنویر احمد شیخ، طارق محمود باجوہ اور عبہر گل خان شامل ہیں

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے ججز سے حلف لیا۔ حلف برداری کی تقریب لاہور ہائیکورٹ کے ججز لاؤنج میں منعقد ہوئی تھی

لاہور (آئی پی ایس) لاہور ہائیکورٹ میں نئے تعینات ہونے والے 4 ایڈیشنل ججز نے حلف اٹھا لیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے ججز سے حلف لیا۔ حلف برداری کی تقریب لاہور ہائیکورٹ کے ججز لاؤنج میں منعقد ہوئی تھی۔ ایڈیشنل ججز کے طور پر حلف اٹھانے والوں میں راجہ غضنفر علی خان، تنویر احمد شیخ، طارق محمود باجوہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں مثبت رجحان، 400 پوائنٹس کا اضافہ

بازار حصص کا 100 انڈیکس 400 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 13 ہزار 144 پر آ گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں آج کاروبار کے آغاز میں مثبت رجحان دکھائی دے رہا ہے۔ بازار حصص کا 100 انڈیکس 400 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 13 ہزار 144 پر آ گیا۔ آج اب تک کے کاروبار کے دوران انڈیکس 1 لاکھ 13 ہزار 327 پوائنٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

کوئٹہ گیس کیچ دھماکے میں خاتون سمیت 3 افراد جھلس گئے

کوئٹہ (این این آئی) گیس کیچ دھماکے میں خاتون سمیت تین افراد جھلس گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق کوئٹہ میں جوائنٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

سپیکر کا بنوں حملے کو ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بنوں کینٹ پر دہشتگردوں کے حملے کی شدید مذمت کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے برطانوی ہائی کمشنر لانس ڈوم ملاقات کر رہے ہیں۔

حکومت کا معیشت کے استحکام کا دعویٰ جھوٹا ہے، عمر ایوب

دہشت گردی کی جو لہر ہے یہ تمام انٹیلیجنس ایجنسیوں کی ناکامی ہے، ہمارا مطالبہ ہے کہ ان ایجنسیوں کے افسران کا کورٹ مارشل ہونا چاہیے

روپے کے مقابلے میں ڈالر کا ایکسچینج ریٹ 165 روپے رکھا گیا، قرضوں کی ادائیگی 265 روپے میں ہوئی اور عوام کو 400 ارب کا ٹیکہ لگایا گیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اور پی ٹی آئی کے سینئر رہنما عمر ایوب نے کہا ہے کہ بنوں کینٹ اور بلوچستان میں جو دہشت گردی کے واقعات ہوئے ہیں، ان کی مذمت کرتا ہوں، دہشت گردی کی جو لہر ہے یہ تمام انٹیلیجنس ایجنسیوں کی ناکامی ہے، ہمارا مطالبہ ہے کہ ان ایجنسیوں کے افسران کا کورٹ مارشل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

اسلامی اصولوں پر عمل کرنے سے مجھے اندرونی سکون اور حوصلہ ملا، محمد یوسف

اسلام قبول کرنے کے اقدام سے میری زندگی اور نقطہ نظر تبدیل ہو گیا، نئے ریکارڈ بنائے

لاہور (این این آئی) سابق پاکستانی کرکٹر محمد یوسف نے اسلام قبول کرنے کے فیصلے سے متعلق انکشاف کیا ہے کہ اسلامی اصولوں پر عمل کرنے سے مجھے اندرونی سکون اور حوصلہ ملا، اس اقدام سے میری زندگی اور نقطہ نظر تبدیل ہو گیا۔ محمد یوسف کو دنیا کے بہترین کرکٹ کھلاڑیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

پی ٹی آئی کا عید کے بعد اپوزیشن اتحاد کے ساتھ مل کر حکومت کیخلاف نکلنے کا اعلان

اگلے کچھ روز میں ان کے ساتھ ہمارے معاملات طے ہو جائیں گے، عید کے بعد سب مل کر حکومت کے خلاف نکلیں گے

یہ ایک سال پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دور ہے، پریکا، 26 ویں ترمیم سمیت دیگر قوانین جمہوریت نہیں بلکہ طاقت سے پاس کروائے

اسلام آباد (آئی پی ایس) ایوان بالا میں اپوزیشن لیڈر اور پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ ہمارا اتحاد اپوزیشن کے ساتھ ہے، اگلے کچھ روز میں ان کے ساتھ ہمارے معاملات طے ہو جائیں گے۔ عید کے بعد سب مل کر حکومت کے خلاف نکلیں گے۔ پشاور میں عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

ایڈووکیٹ جنرل پنجاب امجد پرویز نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

آفس پہنچنے پر لاء افسران اور ملازمین نے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب امجد پرویز کو پھول پیش کئے

لاہور (این این آئی) ایڈووکیٹ جنرل پنجاب امجد پرویز نے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ آفس پہنچنے پر لاء افسران اور ملازمین نے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب امجد پرویز کو پھول پیش کئے۔ اس موقع پر نئے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب امجد پرویز نے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

اداریہ

آپ کی رائے

اقتصادی جائزہ، آئی ایم ایف کے وفد کی پاکستان آمد

عالمی مالیاتی ادارے آئی ایم ایف کا وفد اقتصادی جائزے کیلئے گذشتہ روز پاکستان پہنچ گیا۔ اسکے ساتھ ہی پاکستان اور آئی ایم ایف کے مابین جائزہ مذاکرات شروع ہوگئے۔ مذاکرات 2 ہفتے تک جاری رہیں گے۔ گزشتہ دنوں آئی ایم ایف کا وفد پاکستان کا دورہ کرچکا ہے۔ اس کے ساتھ کئی معاملات طے پاچکے تھے۔ ان میں پیشرفت کیلئے اب پھر وفد پاکستان آیا ہے۔ آئی ایم ایف نے پاکستان میں ریئل اسٹیٹ سیکٹر میں ٹیکس چوری روکنے کے لیے سخت اقدامات کا مطالبہ کیا ہے، جس کے جواب میں حکومت نے ریئل اسٹیٹ ریگولیٹری اتھارٹی کو فعال کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ اس کا مقصد پراپرٹی کی غلط مالیت ظاہر کرنے والوں کے خلاف کارروائی، جرمانے اور سزائیں عائد کرنا ہے۔ مزید برآں، رجسٹریشن نہ کرانے والے پراپرٹی ایجنٹس پر جرمانے، غلط معلومات فراہم کرنے پر سزا، اور پراپرٹی ٹرانسفر میں بے ضابطگیوں کے خلاف سخت کارروائی کا عندیہ دیا گیا ہے۔ یہ اصلاحات اپنی جگہ درست اور ضروری ہیں کیونکہ پاکستان میں ریئل اسٹیٹ سیکٹر کو طویل عرصے سے بلیک منی کی پارکنگ کے لیے استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ تاہم، یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا یہ اقدامات ملکی معاشی پالیسی کا حصہ ہیں یا محض آئی ایم ایف کی شرائط پوری کرنے کے لیے کیے جارہے ہیں؟ پاکستان اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (IMF) کے درمیان جاری مذاکرات ایک بار پھر ملک کی اقتصادی پالیسیوں پر بیرونی اثر و رسوخ کے حوالے سے اہم سوالات کو جنم دے رہے ہیں۔ موجودہ مذاکرات نہ صرف 7 ارب ڈالر کے قرضے کی اگلی قسط کے حصول کے لیے اہم ہیں بلکہ پاکستان کے معاشی نظم و نسق، مالیاتی پالیسیوں، اور خودمختاری پر بھی ان کے گہرے اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات میں ٹیکس نیٹ میں اضافے، ریشلرز کو ٹیکس نیٹ میں لانے، اور زرعی آمدن پر ٹیکس لگانے جیسے معاملات بھی زیر بحث آئے۔ بلاشبہ، ٹیکس نیٹ کو وسعت دینا اور معیشت کو دستاویزی بنانا ایک ضروری امر ہے، لیکن اگر یہ اصلاحات ملکی ضروریات کے بجائے محض قرض دہندہ ادارے کے دباؤ پر کی جارہی ہیں تو یہ خودمختاری پر ایک بڑا سوالیہ نشان کھڑا کرتا ہے۔

آئی ایم ایف کی طرف سے معاشی پالیسیوں پر اس قدر اثر و رسوخ اس تاثر کو تقویت دیتا ہے کہ پاکستان کی معیشت اس مالیاتی ادارے کے تابع ہوچکی ہے۔ اگر حکومت ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے میں سنجیدہ ہے تو یہ اقدامات آئی ایم ایف کے کہنے سے پہلے ہی ہونے چاہیے تھے، اور یہ پالیسی سازی پاکستان کی ضروریات اور زمینی حقائق کے مطابق ہونی چاہیے تھی نہ کہ بیرونی شرائط پر۔ آئی ایم ایف کے ساتھ پہلے تکنیکی مذاکرات اور اس کے بعد پالیسی سطح کے مذاکرات میں وزیر خزانہ پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ ان مذاکرات میں بجٹ تجاویز، ایف بی آر ریونیو، پاور سیکٹر، پمرا، اور صوبائی مالیاتی امور جیسے حساس موضوعات پر گفتگو ہوگی۔

آئی ایم ایف کی شرائط میں سے ایک یہ بھی ہے کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کو آئی ایم ایف کی منظوری سے مشروط کیا جائے۔ یہ پاکستان کی معاشی خودمختاری اور قومی سلامتی پر ایک سنگین سوالیہ نشان ہے۔ ایک خودمختار ریاست کے لیے یہ ناقابل قبول ہونا چاہیے کہ وہ اپنے عوام کی فلاح کے فیصلے ایک بین الاقوامی مالیاتی ادارے کی منظوری سے مشروط کرے۔ حالیہ دنوں پارلیمنٹیرینز کی مراعات میں کئی گنا اضافہ کیا گیا ہے۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ کیا اتنے بڑے اضافے کا موجودہ حالات میں کوئی جواز بنتا ہے؟ دوسری یہ کہ کیا یہ اضافہ آئی ایم ایف سے پوچھ کر کیا گیا ہے۔ کیونکہ یہ بھی تو تنخواہ دار ہی ہیں۔ کیا آج کے مخدوش معاشی حالات اس اضافے کی واپسی کے متقاضی نہیں ہیں؟

یہ حقیقت کہ پاکستان کو اگلی قسط کے حصول کے لیے آئی ایم ایف کی سخت شرائط پر عملدرآمد کرنا پڑ رہا ہے، اس بات کا اشارہ ہے کہ معیشت کافی حد تک آئی ایم ایف کے زیر اثر آچکی ہے۔ آئی ایم ایف کا ایک اہم مقصد قرضوں کی واپسی کو یقینی بنانا ہوتا ہے، جس کے لیے وہ سخت مالیاتی نظم و ضبط (Discipline Fiscal) کو یقینی بنانے پر زور دیتا ہے۔ تاہم، یہ تاثر کہ پاکستان کی معاشی پالیسیاں آئی ایم ایف کی ڈکٹیشن پر چل رہی ہیں، قومی خودمختاری کے لیے ایک سنجیدہ خطرہ ہے۔

یہ انتہائی ضروری ہے کہ حکومت یہ تاثر زائل کرے کہ پاکستان اپنی معیشت کو بیرونی اداروں کے اشاروں پر چلا رہا ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ: اقتصادی پالیسیوں کا تعین ملکی مفاد میں کیا جائے، نہ کہ محض قرضوں کے حصول کے لیے عالمی اداروں کی ڈکٹیشن پر۔ ٹیکس نیٹ کو وسعت دینا اور ٹیکس اصلاحات ملکی پالیسی کے تحت ہوں، آئی ایم ایف کے دباؤ میں نہیں۔ ٹیکس نیٹ میں اضافے کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ پہلے ہی کوئی کاروبار اور شہری نیٹ کے باہر رہ نہیں گیا۔ ضرورت ہے تو شفاف طریقے سے ٹیکس وصولی کی ہے۔ اس میں نقب اور کٹ ختم ہوجائیں تو مقررہ ہدف سے دوگنا وصول ہوسکتا ہے۔ بجٹ سازی اور مالیاتی فیصلے کسی بھی بین الاقوامی ادارے کی منظوری کے محتاج نہ ہوں۔ قرضوں پر غیر ضروری انحصار کم کیا جائے اور مقامی وسائل کو بہتر انداز میں بروئے کار لایا جائے۔

پاکستان کو ایک خودمختار معیشت کے طور پر خود کو منظم کرنا ہوگا، جہاں اقتصادی فیصلے ملکی مفادات اور عوام کی فلاح و بہبود کو مدنظر رکھ کر کیے جائیں، نہ کہ محض آئی ایم ایف کی شرائط پر عمل کرنے کے لیے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ حکومت بیرونی دباؤ کے بجائے داخلی وسائل کو مضبوط کرے، محصولات میں اضافے کے لیے خود مختار پالیسی بنائے جو کرپشن کی روک تھام کی صورت میں ہوسکتی ہے۔ طویل المدتی معاشی استحکام کو یقینی بنانے کے لیے اصلاحات متعارف کرائے۔

پاکستان کو آج ایک اہم فیصلے کا سامنا ہے: یا تو وہ بیرونی مالیاتی اداروں کے سہارے پر چلتا رہے، یا اپنی معاشی خودمختاری بحال کرنے کے لیے عملی اقدامات کرے۔ اس وقت ملکی قیادت کے لیے سب سے بڑا چیلنج یہی ہے کہ وہ آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات میں اپنی خودمختاری کو قربان کیے بغیر، ملکی مفادات کا تحفظ کیسے یقینی بناتی ہے؟

نصرت جاوید

محکموں سے ابھی تک محروم نئے وفاقی وزراء اور "حقیقی صحافت"

ربّ کریم سے فریاد ہے کہ جب یہ کالم چھپے تو معاملہ حل ہوچکا ہو۔ منگل کی صبح تک اگرچہ حل نہیں ہوا تھا۔ مسئلہ یہ ہے کہ آج سے چند روز قبل وفاقی کابینہ میں توسیع ہوئی تھی۔ نئے وزیروں نے حلف بھی اٹھالیا۔ محکمے لیکن انہیں ابھی تک الاٹ نہیں ہوئے۔ وزراء کی حلف برداری کے چند روز گزر جانے کے باوجود ان کے لئے محکموں کی تلاش حیران کن واقعہ ہے۔ اچھے وقتوں میں جب "صحافت" زندہ تھی۔ لوگ "سیاست" کو بھی ذرا سنجیدگی سے لیا کرتے تھے تو وزراء کو محکموں کی فراہمی میں دیر اخبارات کے لئے کہانیاں فراہم کرتی۔ کالم نگار اپنے انداز میں حکومت کی نااہلی پر برسنا شروع ہوجاتے۔ مزاحیہ کالم لکھنے والوں کی دکان بھی چمک اٹھتی۔

میڈیا میں اس امر کے بارے میں اب کی بار مذکورہ معاملے کی بابت جو خاموشی طاری ہے وہ محض "رپورٹنگ" نامی شعبے کی موت کا اعلان ہی نہیں کرتی، یہ حقیقت بھی عیاں کرتی ہے کہ صحافیوں کے لئے "ممنوعہ علاقوں" میں بے پناہ اضافہ ہوچکا ہے۔ پنجابی کا ایک محاورہ مشورہ دیتا ہے کہ دشمن کو مار دینے سے ڈرائے رکھنا زیادہ بہتر ہوتا ہے۔ مودہ حکومتی بندوبست نے اسی مشورے پر عمل کرتے ہوئے پارلیمان سے ایک قانون پر انگوٹھے لگوالئے ہیں۔ پیکا اس قانون کا نام ہے۔ نظر بظاہر اس قانون کا اطلاق محض "سوشل میڈیا" پر ہوتا ہے۔ مذکورہ قانون کو پاس ہوئے مگر کئی ہفتے گزر چکے ہیں۔ سوشل میڈیا پر واہی تباہی اپنی جگہ برقرار ہے۔

پاکستان سے فرار ہوکر امریکہ مقیم ہوا ایک بے سرا "صوفی" بھی اسی میڈیا کے ذریعے میرے ساتھ الجھنے کی کوشش کرتا ہے۔ لاہور کی گلیوں میں جوان ہونے کی وجہ سے لیکن مجھے "حساب" برابر کرنا آتا ہے۔ ہماری اشرافیہ کے معزز ترین افراد مگر اس دو نمبر صوفی کی سطح پر گر نہیں سکتے جو زلفے خلیل زاد کے ساتھ اپنی تصویر لگا کر خوش رہتا ہے۔ اس کے علاوہ نام نہاد مصنوعی ذہانت کے استعمال سے ایسی کئی ویڈیو پوسٹ ہوئی ہیں جو ہر اعتبار سے غیر اخلاقی ہی نہیں ہمارے ٹھوس اقتصادی مفاد کے لئے خطرے کی حامل بھی ہوسکتی ہیں۔

حکومت نے پیکا قانون منظور کروانے کے بعد ایسا تنظیمی ڈھانچہ کھڑا ہی نہیں کیا جو سوشل میڈیا پر پھیلائی واہی تباہی روکنے کے کام آسکے۔ ویسے بھی موجودہ حکومتی بندوبست پر اصل حملہ امریکہ میں مقیم تحریک انصاف کے حامی "انقلابیوں" کی جانب سے ہورہا ہے۔ وہاں موجود "انقلابیوں" کو حکومت ہاتھ نہیں لگاسکتی۔ "آزادی اظہار" کا سب سے بڑا چیمپئن۔ ایلان مسک۔ کبھی ٹویٹر کہلاتے X کا مالک ہے اور وہ ٹرمپ حکومت کا سب سے نکھرا شخص بن چکا ہے۔ بے شمار امریکی محکموں سے چن چن کر "فالتو" آدمی نکال رہا ہے۔ بذات خود یہ نسل پرست جنوبی افریقہ کے سفید فام گھر میں پیدا ہوا تھا۔ ماں کینیڈا کی شہری تھی۔ اس کی وجہ سے یہ بھی کینیڈا کا پاسپورٹ لے کر امریکہ آگیا۔ دفاعی ٹھیکوں سے اس نے بے تحاشہ دولت کمائی ہے۔ اب "امریکی مفادات" کا نگہبان ہے۔ اپنی حلف برداری کی تقریب میں ٹرمپ نے اسے امریکی پارلیمان کے منتخب شدہ اراکین کے مقابلے میں کہیں زیادہ لفٹ کروائی۔ اس کی پذیرائی سے گھبرا کر فیس بک کے مالک نے بھی اپنے پلیٹ فارم سے "ایڈیٹر" ہٹا دیا ہے۔ فیس بک کا ہر صارف اب جو چاہے اپنے دل کی بات مہذب ہوئے بغیر لکھ سکتا ہے۔ ایسے عالم میں پاکستان تحریک انصاف کے حامی "انقلابیوں" کو اربوں روپے لگا کر بھی بلاک کرنے کے قابل نہیں رہا۔ وی پی این روکنا ممکن نہیں۔ "انقلابیوں" کی لہذا رونق لگی ہوئی ہے۔

برائلر انقلابیوں کے مقابلے میں مجھ جیسے "فرسودہ" صحافی مگر خود کو مفلوج محسوس کررہے ہیں۔ مجھے کم از کم تین ایسے افراد کی "آئیں جائیں" کا ذاتی طور پر علم ہے جو انہوں نے وفاقی کابینہ میں شمولیت کی خاطر اپنائیں۔ ان میں سے ایک صاحب نے یہ دعویٰ بھی ٹیلی فون پر اپنے دوستوں سے کیا کہ وزیر اعظم شہباز شریف موصوف کو مبینہ طور پر ازبکستان سے ٹیلی فون کے ذریعے "تسلیاں" دیتے رہے۔ میں اگر یہ سب واقعات متعلقہ افراد کے نام سمیت لکھ دوں۔ وہ کالم میں چھپ جائیں۔ کالم چھپ کر سوشل میڈیا پر پوسٹ ہوجائے تو یہ تینوں افراد مجھے "لیک نیوز" پھیلانے کا مرتکب ٹھہرا سکتے ہیں۔ میں اپنے دفاع میں فقط ان تاریخوں کا ذکر کرسکتا ہوں جب ان تینوں نے وزیر اعظم کے دفتر سے رابطے کی کوشش کی۔ ان لوگوں کا ذکر بھی ہوسکتا ہے جن کی موجودگی میں ٹیلی فون کے ذریعے ملاقاتوں کی درخواست کی جارہی تھی۔ جن لوگوں کی موجودگی میں یہ واقعات ہوئے وہ میری حمایت میں لیکن گواہی دینے کو آمادہ کیوں ہوں گے؟ نتیجتاً میں "جھوٹا" اور فیک نیوز کا پرچارک قرار دے کر طویل قید کاٹنے جیل بھیج دیا جاؤں گا۔ دن دیہاڑے قتل کرنے والے شخص کو بھی اپیل کے دو حق ملتے ہیں۔ ہائی کورٹ اس کی جان خلاصی کو تیار نہ ہو تو سپریم کورٹ سے رحم کی گنجائش نکالی جاسکتی ہے۔ پیکا ایکٹ کے تحت سزا یافتہ مجرم کو مگر اپیل کا فقط ایک پلیٹ فارم میسر ہے اور وہ ہے سپریم کورٹ۔

پیکا کے خوف سے لہذا بہت کچھ جانتے ہوئے بھی میں آپ کو مطلع کرنے سے قاصر ہوں کہ وفاقی کابینہ میں نئی شمولیتوں کے بعد وزراء کو محکمے الاٹ کرنے میں کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ وزرائے مملکت سے "ترقی" پا کر جو خواتین و حضرات "پورے وزیر" بنے ہیں ان کے مطلوبہ محکمے کونسے ہیں اور انہیں مطلوبہ محکمے ملنے میں کیا دشواری ہے۔ پٹرولیم کی وزارت کیوں بہت تگڑی وزارت ہے۔ اس کے وزیر کے کیا اختیارات ہیں اور ان کا فائدہ اٹھاتے ہوئے آپ کس نوعیت کے مافیاز کی سرپرستی کرسکتے ہیں۔ ان سب معاملات پر لیکن پیکا کے قانون سے مفلوج ہوئے اذہان کھل کر لکھنے کی قوت سے محروم ہوچکے ہیں۔ موجودہ حکومتی بندوبست کے ترجمان مگر یہ کہنے سے باز نہیں آرہے کہ "حقیقی صحافیوں" کو پیکا سے گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ پیکا تو "حقیقی صحافت" کو بلکہ فروغ دے گا۔ "حقیقی صحافت" اس شعبے کو ساری زندگی دینے کے باوجود سمجھنے کو بے چین ہوں۔ فی الحال سمجھ آئی ہے تو اتنی کہ اس کا مقصد حکومتی کارکردگی کو بڑھ چڑھ کر بیان کرتے ہوئے لوگوں کو امید دلانا ہے کہ ہم چھلانگیں لگاتے ہوئے ترقی و خوشحالی کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ غیر ملکی سرمایہ کاری کا سیلاب امڈنے کو بے چین ہے۔ ہم سمجھ نہیں پائیں گے کہ اسے کیسے سنبھالیں۔

پاک-افغان سرحد پر واقع طورخم کا بارڈر مگر دس دن سے بند ہے۔ ٹرکوں کی لمبی قطاریں ہیں اور اب اتوار کی رات سے وقتاً فوقتاً افغان سرحد سے ہوائی فائرنگ کی تڑتڑاہٹ سڑک پر خجل خوار ہوتے ٹرک ڈرائیوروں کے دل کی دھڑکن تیز کردیتی ہے۔ اسے بھلا کر "حکومتی کارکردگی" کا ذکر ہی مگر "حقیقی صحافت" ہے۔ عمر کے آخری حصے میں خود کو اس کے قابل بنانے کی کوشش کررہا ہوں۔ ربّ کریم سے فریاد ہے کہ جب یہ کالم چھپے تو معاملہ حل ہوچکا ہو۔ منگل کی صبح تک اگرچہ حل نہیں ہوا تھا۔ مسئلہ یہ ہے کہ آج سے چند روز قبل وفاقی کابینہ میں توسیع ہوئی تھی۔ نئے وزیروں نے حلف بھی اٹھالیا۔ محکمے لیکن انہیں ابھی تک الاٹ نہیں ہوئے۔ وزراء کی حلف برداری کے چند روز گزر جانے کے باوجود ان کے لئے محکموں کی تلاش حیران کن واقعہ ہے۔ اچھے وقتوں میں جب "صحافت" زندہ تھی۔ لوگ "سیاست" کو بھی ذرا سنجیدگی سے لیا کرتے تھے تو وزراء کو محکموں کی فراہمی میں دیر اخبارات کے لئے کہانیاں فراہم کرتی۔ کالم نگار اپنے انداز میں حکومت کی نااہلی پر برسنا شروع ہوجاتے۔ مزاحیہ کالم لکھنے والوں کی دکان بھی چمک اٹھتی۔

میڈیا میں اس امر کے بارے میں اب کی بار مذکورہ معاملے کی بابت جو خاموشی طاری ہے وہ محض "رپورٹنگ" نامی شعبے کی موت کا اعلان ہی نہیں کرتی، یہ حقیقت بھی عیاں کرتی ہے کہ صحافیوں کے لئے "ممنوعہ علاقوں" میں بے پناہ اضافہ ہوچکا ہے۔ پنجابی کا ایک محاورہ مشورہ دیتا ہے کہ دشمن کو مار دینے سے ڈرائے رکھنا زیادہ بہتر ہوتا ہے۔

عبداللہ طارق سہیل

یورپ بمقابلہ امریکہ

ایک جان دو قالب امریکہ اور یورپ نے ساری دنیا میں مل کر تباہی مچائی، لوٹ کا مال مل کر کھایا۔ اب اچانک دوئی ہوگئی۔ ٹرمپ یہ کام بھی کرے گا، کسی نے سوچا نہ بتایا۔ وہ ان گنت نجومی یاد آرہے ہیں جن کے "علم غیب" سے متعلق دعوے سن کر سر گھوم جائے۔ کسی نے بھی اس تبدیلی کے بارے میں نہیں بتایا تھا۔ ہمارے محلے کے ایک "مبصر" کا کہنا ہے کہ یورپ اور امریکہ پہلے ایک اور ایک گیارہ تھے، اب ایک اور ایک دو کنارے ہوگئے تھے۔

یوکرائن جیسے چھوٹے ملک نے پہلے سوویت یونین کی کمر توڑ کرا سے سپر پاور سے شرمندہ پاور بنادیا، پھر اس کے صدر زیلنسکی نے وائٹ ہاؤس جاکر ٹرمپ کا سر نیچا کردیا۔ عالمی رائے عامہ مہمان کی بے عزتی کرنے والے صدر ٹرمپ کو زیر دباؤ اور جس کی بے عزتی کی گئی، اسے ہیرو مان رہی ہے۔ یعنی سپر پاور امریکہ کی اپنے ہی گھر میں رسوائی ہوگئی۔ امریکہ کی ڈیموکریٹک پارٹی نے کہا ہے کہ ٹرمپ نے امریکی وقار کو رکھودیا۔

ٹرمپ کی قسمت پلٹا کھا رہی ہے۔ پہلے "غزہ" پر قبضے کے دعوے پر منہ کی کھائی، گھڑے کی مچھلیاں سمجھی جانے والی عرب حکومتیں بپھر گئیں، اب یوکرائن پر چال بھی الٹی پڑی ہے۔ یورپ متحد ہو رہا ہے، دفاعی صلاحیتوں کو بڑھانے کا اعلان کیا ہے اور یوکرائن کے ساتھ کھڑے رہنے، اسے فوجی اور مالی امداد دینے کا عہد کیا ہے۔

یورپ میں بہت سے ملک ہیں اور کبھی چھوٹے چھوٹے۔ جو چار ملک سب سے بڑے ہیں یعنی برطانیہ، فرانس، جرمنی اور اٹلی۔ ان سب کی آبادی ملا کر بھی پاکستان سے کم ہے۔ ان کی فوجی طاقت بھی پہلے جیسی نہیں۔ برطانیہ کی فوج ستر اسی ہزار رہ گئی یعنی بنگلہ دیش جتنی۔ ہاں ہتھیار بہت ہیں اور پیسہ بھی۔ اس لئے مختصر عرصے میں وہ فوجی طاقت بڑھا سکتے ہیں اور امریکہ انہیں روک نہیں سکتا۔

سرد جنگ کے بعد دنیا یک قطبی ہوگئی تھی یعنی یونی پولر، پھر چین ابھرا تو پھر سے بائی پولر ہوگئی، اب یورپ خود طاقت بننے کی راہ پر چل پڑا ہے تو گنتا ہے دنیا ٹرائی پولر (سہ قطبی) ہوجائے گی۔ بات کس کے فائدے میں جائے گی، کچھ کچھ پتہ چل ہی رہا ہے۔

صدر زیلنسکی کی بے عزتی پر پیوٹن بہت خوش ہوا تھا، کہا، یوکرائن کا جو کر وائٹ ہاؤس سے بے عزت ہو کر نکلا۔ اب پیوٹن کو اندازہ ہوگیا ہوگا کہ اس نے قبل از وقت ہی خوشی منائی تھی۔ جو ہونے والا ہے، اس میں پیوٹن کیلئے خوش ہونے کا کوئی موقع نظر نہیں آرہا۔

امریکہ میں ٹرمپ کی مقبولیت کے غبارے میں پن برابر سوراخ ہوگیا ہے۔ امریکی میڈیا بتا رہا ہے کہ امریکیوں کی اکثریت ٹرمپ کی اس خارجہ پالیسی کو مسترد کررہی ہے۔ ایک آواز تو یہ بھی آگئی کہ ٹرمپ مدت پوری کرتا نظر نہیں آرہا۔

غزہ پر قبضے کا اعلان کیا تو کسی اخبار نویس نے پوچھا، آپ اس منصوبے پر عملدرآمد کرانے کیلئے دوسرے ملکوں پر دباؤ ڈالیں گے۔ تو ٹرمپ نے خود کو اساطیری رب الارباب گردانتے ہوئے جواب دیا کہ ہم اتنے اونچے جا چکے ہیں کہ ہمیں کسی پر دباؤ ڈالنے کی ضرورت ہی نہیں۔ یعنی ہمارا اشارہ چشم ہی کافی ہے۔ ہماری طاقت کن فیکون کی ہوگئی۔ المعیاز۔ اب جناب کے مزاج کیسے ہیں؟ اور مزید "کیسے" ہونے والے ہیں؟

بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا، پاکستان کو یورپی یونین سے لاحق خدشات جو اتنے مگر سے پہلے بھی نہیں تھے، اور بھی کم ہوگئے۔ کہا جارہا تھا کہ مرشد کی جیل کے معاملے کو لے کر یورپی یونین پاکستان پر دباؤ ڈال سکتی ہے۔ نئے حالات میں یورپی یونین پاکستان کے مزید قریب آئے گی، اسے مزید قریب لائے گی۔

جب پاکستان کے آرمی چیف حافظ عاصم منیر کو برطانیہ نے مدعو کیا اور غیر معمولی بلکہ شاہانہ پروٹوکول سے نوازا، تنہائی میں رازونیاز کی باتیں کیں تو ماتھا ٹھنکا تھا کہ ہو نہ ہو، کوئی اہم معاملہ ہے۔

تب ٹرمپ نے یورپ کو ابھی اس طرح سے دھتکارا نہیں تھا لیکن یورپ والے بھانپ گئے تھے کہ ٹرمپ انہیں تنہا چھوڑنے والا ہے۔ چنانچہ کیا پتہ، یہ دعوت اور استقبال پیٹھی بندوبست کا حصہ ہو؟

ایسا ہی لگتا ہے۔ یہی نہیں، یورپی یونین، بھارت کے ساتھ بھی پینگیں بڑھا رہی ہے اور مودی بھی اس تعاون پر تیار ہیں' کیونکہ ٹرمپ نے امریکہ میں ان سے جو کھایا، اس کا دکھ بھولنے کے قابل نہیں ہے۔

کوئی شبہ نہیں کہ یورپ مل کر بھی امریکہ جتنی بڑی طاقت نہیں بن سکتا لیکن اتنی بڑی طاقت تو ضرور بن پائے گا کہ امریکہ کو "اکھنڈ امریکہ" بنانے کا خواب ادھورا ہی رہ جائے۔ اکھنڈ امریکہ یعنی جس میں کینیڈا بھی ایک صوبہ ہو اور گرین لینڈ بھی ایک صوبہ اور غزہ جس کی انکسی ہو اور جس کے دسترخوان میں یوکرائن کی اربوں کھربوں کی قیمتی بلکہ "سٹریٹجک" معدنیات کی رکابی بھی دھری ہو۔

خبر ہے کہ دنیا بھر میں اسرائیلی کھجوروں کا بائیکاٹ کیا جارہا ہے جس کی وجہ سے اسرائیل کے برآمد کنندگان بہت پریشان ہیں۔ اسرائیل نے اپنی کھجوروں سے اپنا لیبل ہٹا کر نئے سرے سے عالمی منڈی میں بھیجا لیکن دنیا والوں کو پتہ چل گیا اور انہوں نے یہ کھجوریں واپس کر دیں۔

اسرائیل پریشان نہ ہو، یہ کھجوریں ٹرمپ کے پتے پر پارسل کردے۔ وہ سارا مال خرید لیں گے، اس کے بعد وہ "آرڈیننس" جاری کرکے امریکی صارفین کو ان کی خریداری کا پابند بنادیں گے۔ یوں امریکی عوام کو وسیع پیمانے پر جبری "ڈیٹنگ" (Dating) کا موقع مل جائے گا۔

ایک دلچسپ خبر وائٹ ہاؤس کی ترجمان کیرولین لیوٹ نے ٹی وی پر بتائی کہ وائٹ ہاؤس میں جو کھانا یوکرائن کے صدر زیلنسکی اور ان کے وفد کیلئے تیار کیا گیا تھا، انہیں "گیٹ آؤٹ" کرنے کے بعد وہ صدر ٹرمپ نے تناول فرمایا۔ یعنی پورے وفد کا کھانا اکیلے ٹرمپ ہی کھاگئے۔ اس خبر کے آنے کے بعد امریکہ بھر میں ٹرمپ کی مزید بھد اڑ رہی ہے۔

ادھر ہماری خوش فہمی بھی دور ہوگئی کہ دنیا کا سب سے پرخور لیڈر ہمارے پاس ہے۔ اب پتہ چلا کہ مرشد اس میدان کا اکیلا پہلوان نہیں، ان کی ٹکر کا ایک اور بھی ہے کہ نام جس کا ٹرمپ ہے۔

مرشد نے "ٹائم" میگزین میں مضمون لکھا ہے اور ٹرمپ کو پرجوش مبارکباد دیتے ہوئے ان سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ وہ ان کو اور ان کی تحریک انصاف کو انصاف دلوائے۔

ہم کوئی غلام تو نہیں ہے 'انصاف دلوائے تک کا سفر دلچسپ ہے، بہرحال، ٹرمپ پیوٹن کو انصاف دلوانے میں مصروف ہیں، مرشد ابھی انتظار فرمائیں۔

چیئرمین ایف بی آر ایک نظر ادھر بھی

کالم

طارق امین

جناب چیئرمین ایف بی آر، پچھلے کالم میں آپکے جس فیصلے کا حوالہ دیا گیا بلاشبہ وہ فیصلہ آپکے no compromise پر مبنی اس عزم کا مظہر تھا جو آپکی پرسنیلٹی کا نقطہ معراج سمجھا جاتا ہے لیکن جس بات نے ایف بی آر کے اندر اور باہر ہر بندے کو حیران کردیا اور جس میں ایک نہیں تین تین سوال تشکیک سمیٹے ہوئے ہیں وہ یہ تھی کہ ان تین میں سے ایک بندے کو دو دن بعد ہی ممبر کسٹم کا SA مقرر کردیا گیا۔ چیئرمین SA کی اہمیت کو بخوبی سمجھتے ہیں اس اشارہ کے بعد مزید کچھ کہنے کی ضرورت نہیں اور نہ ہی راقم اس روایتی کلیریکل ڈپلومیسی کا ذکر کریگا جسکی وجہ سے چیئرمین نیب کے پوسٹڈ ایک اچھی شہرت کے حامل کلکٹر کو کچھ ایریرز کی suspension کیلئے اپنا مدعا لیکر خود ان پاس آنا پڑا۔ اب آتے ہیں فیس لیس اپریزمینٹ venture کی طرف جس کے ٹیکنیکل پہلوؤں پر کالم کے اگلے حصے میں بات ہوگی۔ سردست چیئرمین نیب کی توجہ اس طرف راغب کرنا چاہوں گا کہ بلاشبہ یہ اعتراف کرنا پڑیگا کہ دسمبر کے وسط میں ہی شیڈول سے پہلے اس پلان کے نفاذ کے ساتھ ہی پہلے ہی دن "ٹی ڈیز" گذز ڈیکلیریشن کا بیک لاگ بلڈ کرکے اور کاروباری طبقہ کیلئے سنسنی خیزی پیدا کرکے بعض عناصر کی طرف سے اسے جسطرح ناکام بنانے کی کوشش کی گئی جسکے جواب میں نیب ٹیم کے "ہیڈ" نے آج سے سات سال پہلے لاہور ڈرائی پورٹ پر اس فیس لیس سے ملتا جلتا ایک ایڈونچر کرنے کا تجربہ تھا، اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے Do or die سے فلٹے پر عمل کرتے پٹالیس کے قریب کلیرنگ ایجنٹوں کی لائسنس معطلی اور اپنے اسٹاف کے چند ذمہ داران کو انٹائیٹل کرجسطرح اس مہم جوئی کو ناکام بنایا وہ واقعی قابل ستائش ہے جسکا نتیجہ یہ نکلا کہ جنوری کے صرف ایک مہینے میں فیس لیس اپریزمینٹ کے نفاذ کے بعد کراچی پورٹس پر جی ڈی فائلنگ میں سترہ فیصد کی کمی دیکھنے کے باوجود ریونیو کلکشن میں بارہ فیصد کا اضافہ ہوا۔ لیکن اسکے ساتھ ہی یاد دلاتا چلوں شائد کسٹم آپریشن ونگ نے چیئرمین نیب کو اس حقیقت سے آگاہ نہیں کیا کہ اسکے ساتھ ہی لاہور کیلئے ٹی پی (ٹرانسشمنٹ) میں تیس فیصد اور پشاور کیلئے سترہ فیصد کے پیچھے کیا فلسفہ پنہاں ہے جبکہ یہاں پر پوسٹڈ دو کلکٹرز اور ایک چیف کلکٹر کے بارے ذاتیات اور رشتہ داریوں سے آگے نکل کر بھی کچھ کنسرنز اب سر عام ڈسکس ہورہے ہیں۔ ان حقیقتوں کے ساتھ ایک اور حقیقت سب بارڈر اور انٹرنل بارڈر کے حوالے سے بھی چیئرمین نیب کی کرپشن فری کمپین پر ایک بہت بڑا سوالیہ نشان چھوڑ رہی ہے۔ آگاہی اگر درکار ہو تو غیر جانبدار ذرائع سے ایک سٹڈی رپورٹ تیار کروالی جائے تو ایسے ایسے مافیاز کا پتہ چلے گا اور ایسی ایسی حقیقتیں آشکار ہوگی کہ عقل دنگ رہ جائے گی۔ جب یہ پتہ چلے گا کہ ایک بھائی کسی ٹریننگ یا کورس پر جائے تو پشاور والے کا ایڈیشنل چارج دوسرے بھائی کو، جو کوہاٹ پوسٹڈ ہو، ایڈیشنل چارج کیوں دیا جاتا ہے۔ خبر یہ بھی ہے کہ ایک مقامی جریدہ میں شائع رپورٹ کے مطابق چیئرمین نے اپنے انفورسمنٹ ونگ کے "ہیڈ" کو ایک ایسی انکوائری مارک کی ہے جسے اس ملک کی ایک بڑی معتبر ایجنسی نے انہیں رپورٹ کیا ہے۔ سوال صرف یہ پوچھنا ہے کہ یہ وہی انفورسمنٹ ایجنسی ہے جسکا سٹاف تقنان، چوری سے لیکر طورخم از انٹیل اور سست بارڈر تک تمام رونس اور تمام پورٹس کے کیڈوں کی نگرانی اور انٹیلیجنس رپورٹس مرتب کرتا ہے تو پھر اس انکوائری کی صحت کس طرح سوالیہ نشانوں سے پاک ہوگی۔ دل تو کہتا ہے کہ اس انکوائری کا بھی کچھ نہیں بننا کیونکہ آج سے دو سال پہلے بھی کراچی میں ایک ایسی ہی زلزلہ جیسی صورتحال دیکھنے کو ملی جسکی شدت کرپشن کے ریکٹر سکیل پر 100 ڈگری سے بھی اوپر تھی۔ لیکن نتیجہ کیا نکلا کہ ایک ایسے شخص کو جسکا ان ایف آئی آر میں نام تھا اسے ممبر کسٹم آپریشن تعینات کردیا گیا اور جب اس خاکسار نے ان حقیقتوں کا اپنے کالم میں ذکر کیا تو حقیقت پتا چلنے پر وقت کا وزیر اعظم سرپکڑ کر بیٹھ گیا اور پھر اس نے سرجیکل اسٹرائیک کر کے راتوں رات سب کے طنطنے ادھیڑ کر رکھ دیے۔ دیکھتے ہیں اب اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے یا پھر "دودھ کی رکھوالی بلا" والا محاورہ ایک دفعہ پھر سچ ثابت ہوتا ہے

اب ذرا بات کریں آپکے فیس لیس اپریزمینٹ سسٹم پر بھی، جناب چیئرمین بطور طالبعلم میرا آپکے ان ارکیٹیکٹ جنھوں نے یہ سسٹم ڈیزائن کیا ان سے سوال ہے کہ جب اس سسٹم میں کلیرنگ ایجنٹ کے خانہ میں دیے گئے نام کو "اور رائیٹ" کردیا جاتا ہے تاکہ کسٹم سٹاف اور کلیرنگ ایجنٹ کا رابطہ منقطع کر دیا جائے تو

بقیہ 1

ڈویژن، وزارت خزانہ اور سیکرٹری کیبنٹ کے رائٹ سائزنگ پر مذاکرات ہوئے جس میں آئی ایم ایف نے اخراجات میں کمی کیلئے رائٹ سائزنگ اقدامات پر بروقت عملدرآمد کرنے کا مطالبہ کردیا۔ آئی ایم ایف نے آئندہ سہ ماہی میں ریونیو شارٹ فال پورا کرنے کیلئے پلان بھی طلب کرلیا۔ وفد نے کہا کہ ریونیو شارٹ فال پر کوئی گنجائش نہیں، آئندہ سہ ماہی میں 3 سو ارب کا شارٹ فال پورا کیا جائے۔ آئی ایم ایف نے کہا ہے کہ ایف بی آر کمپلائنس رسک مینجمنٹ اور رسک امپروومنٹ پلان کے تحت اقدامات کرے۔ مذاکرات میں آئی ایم ایف وفد کو بڑے شہروں میں ٹیکس نیٹ سے باہر بڑے ریٹیلرز سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ وفد کو اسلام آباد، کراچی، لاہور میں ہائی رسک کیسز سے ریکوری کیلئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی، جس پر آئی ایم ایف نے ہائی رسک کیسز کی تفصیلات پر ریکوری کی ہدایت کی اور کہا کہ تینوں شہروں میں ہائی رسک کیسز سے ریکوری سے ریونیو شارٹ فال پورا کیا جائے۔ آئی ایم ایف کے وزارت توانائی اور پیٹرولیم کے ساتھ مذاکرات میں پاور اور پیٹرولیم سیکٹر کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ علاوہ ازیں اسلامک بینکنگ کے اقدامات اور طریقہ کار پر آئی ایم ایف وفد کے ساتھ بات چیت ہوئی۔ سٹیٹ بینک کے ساتھ ری فنانس اسکیم ٹرانزیشن اینڈ ڈیولپمنٹ فنانس پر بھی غور کیا گیا۔ آئی ایم ایف نے بینکنگ کیلئے آپریشنلائزیشن آف بینک ریزولیشن فریم ورک پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 2

خوارجی عناصر نے بنوں کنٹونمنٹ پر دہشت گرد حملے کی کوشش کی، حملہ آوروں نے کنٹونمنٹ کی سکیورٹی توڑنے کی کوشش کی تاہم سکیورٹی فورسز نے فوری جوابی کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنا دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز نے حملہ کرنے والے تمام 16 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا، ہلاک دہشتگردوں میں 4 خودکش حملہ آور بھی شامل تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شدید جھڑپ میں 5 بہادر جوان دشمن کا مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہوگئے جبکہ خودکش دھماکوں سے چھاؤنی کی دیوار کا ایک حصہ گر گیا، دھماکوں اور فائرنگ سے قریب واقع ایک مسجد اور ایک رہائشی عمارت شدید متاثر ہوئیں، مسجد اور عمارت کے متاثر ہونے سے 13 بے گناہ شہری شہید اور 32 زخمی ہو گئے۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ خفیہ اطلاعات سے ثابت ہوا ہے کہ حملے میں افغان شہری ملوث تھے، شواہد ہیں حملے کی منصوبہ بندی اور قیادت افغانستان میں موجود خوارج سرغنوں نے کی۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ پاکستان توقع کرتا ہے کہ افغان عبوری حکومت اپنی ذمہ داریاں نبھائیگی، توقع ہے افغان حکومت اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہونے سے روکے گی، پاکستان سرحد پار سے آنے والے خطرات پر ضروری اقدامات کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا ہے کہ پاکستان کی سکیورٹی فورسز دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، ہمارے بہادر سپاہیوں اور معصوم شہریوں کی قربانیاں اس عزم کو مزید تقویت دیتی ہیں، ہر قیمت پر اپنی قوم کی حفاظت کیلئے ہمارا عزم مضبوط ہے۔

بقیہ 3

تک جاری کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن میں اسلام آباد کی نئی حلقہ بندیوں سے متعلق اعتراضات پر فیصلے محفوظ کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق حلقہ بندیوں پر کل 31 اعتراضات دائر کیے گئے تھے، حلقہ بندی اتھارٹی نے اعتراضات پر سماعت مکمل کرلی۔ ذرائع کے مطابق حلقہ بندی اتھارٹی 12 مارچ تک فیصلے جاری کر لے گی، نئی حلقہ بندیوں کے تحت اسلام آباد میں 125 یونین کونسلز ہیں جبکہ یونین کونسل میں وارڈز کی تعداد 6 سے بڑھا کر 9 کردی گئی ہیں، وارڈز کی مختلف علاقوں میں تقسیم کو چیلنج کیا گیا تھا، حلقہ بندی اتھارٹی فیصلے الیکشن کمیشن کو بھجوائے گی۔ ذرائع نے بتایا کہ الیکشن کمیشن کی جانب سے اسلام آباد کی حلقہ بندیوں پر نوٹیفکیشن 15 مارچ تک جاری کرے گا۔

بقیہ 4

کہا کہ پاکستان نے دہشت گردی کیخلاف جنگ میں اہم کردار ادا کیا، امریکی صدر کا بیان دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں کا اعتراف ہے، پاکستان کی انسداد دہشتگردی کی کوششوں کا اعتراف خوش آئند ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں 80 ہزار جانوں کی قربانی دی، پاکستان کی انسداد دہشتگردی میں قربانیوں کو عالمی سطح پر تسلیم کیا جائے۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ انسداد دہشت گردی کی کوششوں میں ایک کلیدی کردار ادا کرتا رہا ہے تاکہ دہشت گردوں اور شدت پسند گروہوں کو محفوظ پناہ گاہوں سے محروم کیا جاسکے اور کسی بھی ملک کے خلاف ان کی کارروائیوں کو روکا جاسکے۔ وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ ملک سے دہشتگردی کی لعنت ختم کرنے کیلئے قیادت اور عوام کا عزم غیر متزلزل ہے، امریکا کے ساتھ علاقائی امن و استحکام کیلئے شراکت داری جاری رہے گی۔ واضح رہے کہ امریکی صدر کا منصب سنبھالنے کے بعد کانگریس سے پہلے طویل ترین خطاب میں ڈونلڈ ٹرمپ نے افغانستان میں دہشت گردی کے خلاف تعاون پر حکومت پاکستان سے اظہار تشکر کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انتہا پسند دہشتگردی کے خلاف ہیں، مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہے کہ افغانستان میں دہشتگردی کا بڑا ذمہ دار پکڑا گیا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے حکومت پاکستان سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ اس دہشتگرد کی گرفتاری میں مدد پر پاکستان کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتا ہوں، ساڑھے تین سال پہلے داعش نے 13 امریکیوں کو افغانستان میں قتل کیا، افغانستان میں امریکیوں کو ہلاک کرنے والا اس وقت امریکا لایا جارہا ہے تاکہ وہ امریکا میں قانون کا سامنا کرسکے۔

بقیہ 5

خضدار پولیس کا مزید کہنا تھا کہ زخمیوں کو نال اور خضدار ٹیچنگ ہسپتال منتقل کیا جارہا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز سکیورٹی فورسز نے بنوں چھاؤنی پر اللہ الخوارج کا حملہ ناکام بناتے ہوئے تمام 16 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا تھا، جھڑپ میں 5 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا، حملے میں 13 معصوم شہری شہید اور 32 زخمی بھی ہوئے تھے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا تھا کہ جھڑپ میں 5 جری جوانوں نے جام شہادت نوش کیا، مایوس دہشت گردوں نے بارود سے بھری دو گاڑیاں چھاؤنی کی دیوار سے ٹکرائیں، خودکش دھماکوں کے نتیجے میں چھاؤنی کی دیوار کا ایک حصہ منہدم ہوگیا۔ آئی ایس پی آر نے مطالبہ کیا تھا کہ افغان عبوری حکومت اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہونے سے روکے، پاکستان اپنی سرحدوں کے پار سے آنے والے ان خطرات کے خلاف ضروری اقدامات اٹھانے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

بقیہ 6

(پی ٹی آئی) کے 52 کارکنوں کی ضمانت منظور کر لی۔ اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت نے 5،5 ہزار روپے کے ضمانتی مچلکوں عوض پی ٹی آئی کے کارکنوں کی ضمانت بعد از گرفتاری منظور کرتے ہوئے 52 ملزمان کو ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے تحریری فیصلہ جاری کردیا۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ ریکارڈ کے مطابق درخواست گزار ملزمان ایف آئی آر میں نامزد نہیں۔ درخواست گزار ملزمان کو تفتیش مکمل ہونے کے بعد جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجا گیا۔ بانی انٹکر میں ملزمان کے خلاف مزید انکوائری کا کیس ہے۔ فیصلے کے مطابق ملزمان پر الزام کا تعین صرف شواہد ریکارڈ کرنے کے بعد کیا جاسکتا ہے۔ ملزمان کے وکیل کے مطابق ملزمان کا مقدمے کے ساتھ تعلق نہیں جوڑا جاسکا۔ پراسیکیوٹر نے ضمانت کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ملزمان گھناؤنے جرم میں ملوث ہیں۔ پراسیکیوٹر کے مطابق ملزمان کو شناخت پریڈ میں گواہوں نے شناخت کیا۔ پراسیکیوشن عدالت کو مطمئن کرنے میں ناکام رہی کہ ملزمان ضمانت کی شرائط پر عمل نہیں کریں گے۔ اس کا امکان نہیں کہ ملزمان انصاف کے نظام میں خلل ڈالنے کی کوشش کریں گے۔ اعلیٰ عدالتیں طے کرچکی ہیں کہ ضمانت سزا کے طور پر مسترد نہیں ہوسکتی۔ عدالت نے تمام 52 ملزمان کو ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دیا۔

بقیہ 7

کو مستحکم کرنے، غذائی تحفظ کو یقینی بنانے اور کاشتکاری کے شعبے میں ترقی کو فروغ دینے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا ہے۔ بدھ کو نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی برائے ضروری فصلوں کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ ٹیم کی قیادت وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اور وفاقی سیکرٹری وسیم اجمل چوہدری نے کی۔ اجلاس میں کابینہ کمیٹی کی گندم پالیسی برائے ربیع 2024-25 کی رپورٹ پیش کی گئی اور گندم کی متوقع پیداوار اور قومی ضروریات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ رانا تنویر حسین نے کمیٹی کو رواں سال کے زیر کاشت رقبے کے بارے میں بریفنگ دی اور زرعی حکمت عملیوں کو گھریلو ضروریات اور کسانوں کے فائدے کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ کمیٹی نے فی ایکڑ پیداوار اور مجموعی زرعی پیداواری صلاحیت کو بڑھانے کیلئے وفاقی اور صوبائی زرعی تحقیقی نظام کو ہم آہنگ کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے صوبائی حکومتوں سے مشاورت کی اہمیت پر زور دیا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ پالیسیاں کسانوں کو فائدہ پہنچائیں اور شعبہ جاتی استحکام میں کردار ادا کریں۔ اجلاس میں گندم کی امدادی قیمت کے تعین پر بھی غور کیا گیا تاکہ کسانوں کیلئے منصفانہ قیمتوں کو محفوظ بنایا جاسکیں اور مارکیٹ میں استحکام برقرار رکھا جاسکے۔ نائب وزیر اعظم نے وزیر خزانہ کو ہدایت کی کہ وہ پالیسی فریم ورک کو بہتر اور مضبوط بنانے کیلئے زرعی پالیسی کمیٹی کے مباحثوں میں اہم بحث کے نکات کو شامل کریں۔ اجلاس نے اصلاحی اقدامات کے ذریعے زرعی معیشت کو مستحکم کرنے، غذائی تحفظ کو یقینی بنانے اور کاشتکاری کے شعبے میں ترقی کو فروغ دینے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔ بیان کے مطابق قومی غذائی تحفظ اور تحقیق کی وزارت طویل مدتی استحکام اور ترقی کیلئے پائیدار پالیسیوں اور اسٹریٹجک مداخلتوں کے ذریعے غذائی تحفظ کو یقینی بنانے، کسانوں کی مدد کرنے اور زراعت کو مضبوط بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ بیان کے مطابق وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ طویل مدتی استحکام اور ترقی کیلئے پائیدار پالیسیوں کے ذریعے غذائی تحفظ کو یقینی بنانے، کسانوں کی مدد اور زراعت کو مضبوط بنانے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 8

کو طلب کئے گئے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کیلئے سمری صدر مملکت کو ارسال کردی، صدر مملکت آصف علی زرداری مشترکہ اجلاس سے خطاب کریں گے، صدر مملکت کے خطاب سے نیا پارلیمانی سال شروع ہوگا۔ دوسری جانب قومی اسمبلی کا اجلاس بھی 11 مارچ کو طلب کرلیا گیا ہے۔

بقیہ 9

عبدالغفار، جنرل سیکرٹری خواجہ ریاض حسین، ریو نیو ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عامر قدیر، محمد اسحاق بریار، صنعتکار شہباز علی ملک نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ہارون اختر خان مسلم لیگ (ن) کے گزشتہ دور حکومت میں بھی بطور معاون خصوصی کام کرچکے ہیں اور اس دور میں پبلک وفد ٹیکس کلیکشن کی شرح دوگنی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ہارون اختر خان کا معیشت اور ٹیکس پالیسی میں وسیع تجربہ ہے اور ان کی کابینہ میں شمولیت موجودہ حکومت کی معیشت کی بہتری میں خصوصی دلچسپی کو ظاہر کرتا ہے۔ ہارون اختر خان کی موجودہ حکومت میں تعیناتی ایک ایسے وقت میں ہوئی ہے جب معیشت کو درپیش چیلنجز بشمول ماہیاتی خسارہ، محصولات میں اضافہ اور سرمایہ کاری کا فروغ فوری توجہ کے متقاضی ہیں۔ ان کی شمولیت سے سرمایہ کاروں کو بھی مثبت اشارہ ملے گا کیونکہ ناصرف وہ خود ایک بڑے صنعتکار ہیں بلکہ انہیں کاروباری ماحول بہتر بنانے کے حوالے سے ایک تجربہ کار شخصیت بھی سمجھا جاتا ہے۔

بقیہ 10

سمیت 8 ملکوں سے 24 گھنٹوں کے دوران مزید 19 پاکستانیوں کو بے دخل کیا گیا۔ امیگریشن ذرائع کے مطابق بلیک لسٹ، ویزا مسئلہ، امیگریشن مسائل اور معاہدے کی خلاف ورزی پر 11 پاکستانیوں کو بے دخل کیا گیا ہے۔ متحدہ عرب امارات سے بغیر ویزے کے گئے ایک پاکستانی کو وطن واپس بھیج دیا گیا جبکہ کابوورے سے دستاویزات کی عدم دستیابی پر ایک پاکستانی کو ڈی پورٹ کیا گیا ہے۔ امیگریشن ذرائع نے بتایا کہ جنوبی افریقا میں خراب پروفائلنگ پر 2 پاکستانیوں کو بے دخل کیا گیا ہے۔ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور ایران سے ایمرجنسی پاسپورٹس پر 3 پاکستانیوں کو بے دخل کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ عراق میں غیر قانونی داخلے اور زائد المیاد قیام پر ایک پاکستانی کو بے دخل کیا گیا ہے۔

بقیہ 11

کو بدنام کرتا ہے۔

بقیہ 12

میں ملانے پر سکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں، قوم کو سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر ناز ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے حملے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کرتے ہوئے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا۔ زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دکھ کی گھڑی میں شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ 13

سے اعتماد، ناامیدی سے امید نو، انتشار سے استحکام اور ڈیفالٹ سے نجات پاکر معاشی استحکام کی طرف شاندار سفر طے کیا۔ 12 ماہ میں معاشی معجزے رونما ہوئے، مہنگائی 38 سے کم ہوکر 9 سال کی کم ترین سطح 1.5 فیصد پر آگئی۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت میں ہر نیا دن ملک و قوم کے خوشحال مستقبل کے خواب کو تعبیر کے قریب لاتا ہے۔ نواز شریف کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت ہی وہ واحد جمہوری قوت ہے جو پاکستان کو ترقی دے سکتی ہے، یہ سچائی ایک بار پھر ثابت ہوچکی ہے۔ الحمدللہ

بقیہ 14

اقتدار میں رہنے کے لیے قانون سازی کی گئی۔ پی ٹی آئی کے رہنما نے کہا کہ لولے اور لنگڑے اکٹھا کرکے کابینہ بنائی گئی، ملک میں مہنگائی آسمان کو چھو رہی ہے۔

بقیہ 15

کہ ملک میں اس وقت آئین اور قانون کی بالادستی ختم ہوچکی ہے، عوام کو اس وقت انصاف نہیں مل رہا ہے، ملک میں جاری ظلم، جبر، فسطائیت کے خلاف اپوزیشن جماعتوں کو اتحاد میں شامل کریں گے۔ جبر، ظلم کی یہ سیاہ رات ضرور ختم ہوگی، جو جماعتیں عوام اور ملک کی ترقی کے لئے کوشاں ہیں وہ ہمارے اتحاد میں شامل ہوں گی۔ عمران خان ملک میں آئین اور قانون کی بالادستی قائم کرانے کی جنگ میں صف اول پر کھڑے ہیں۔ رانا جاوید عمر نے کہا کہ جعلی مینڈیٹ سے بننے والے حکومت ماورائے آئین فیصلے کررہی ہے، مسلسل آئین کی خلاف ورزیوں کی وجہ سے جمہوری نظام درہم برہم ہورہا ہے، آزاد سیاست، شفاف الیکشن اور آئین کے تحت ہی ملک چل سکتا ہے ہم چاہتے ہیں عمران خان سمیت سیاسی قیدیوں کو فوری رہا کیا جائے۔

بقیہ 16

نقصان ہوا ہے، دوسری جانب 225 گاڑیوں پر مشتمل سامان رسد کا ایک بڑا قافلہ پاراچنار پہنچ گیا، قافلے میں اشیاخورد و نوش کے علاوہ پیٹرولیم مصنوعات بھی بھجوائی گئی ہیں۔ سرکاری ذرائع کے مطابق 225 گاڑیوں پر مشتمل سامان رسد کا ایک بڑا قافلہ پاراچنار پہنچ گیا، قافلے میں اشیاخورد و نوش کے علاوہ پیٹرولیم مصنوعات بھی بھجوائی گئیں۔ کرم میں امن معاہدے کے تحت بنکروں کی مسماری اور اس سے منسلک ختنوں کو ختم کرنے کا عمل بھی جاری ہے، اب تک 272 بنکر مسمار کیے جاچکے ہیں۔ امن معاہدے کے تحت اسلحہ اور ہتھیاروں کو مرحلہ وار ریاست کے پاس جمع کروانے کا سلسلہ بھی شروع ہوچکا ہے، اب تک 100 سے زائد شرپسند عناصر کو حراست میں لیا جاچکا ہے۔ دوسری جانب پاک افغان طورخم بارڈر آج 12 ویں روز بھی تجارتی سرگرمیوں اور پیدل آمدورفت کے لیے بند ہیں، سرحدی گزرگاہ پر کل سے دونوں ممالک کے فورسز کے درمیان فائرنگ ہوئی ہے، بارڈر بندش کے باعث ہزاروں مسافر اور گاڑیاں دونوں طرف پھنس گئیں۔ طورخم سرحدی گزرگاہ پر 11 روز قبل پاک افغان فورسز کے درمیان حالات کشیدہ ہوئے تھے، افغان فورسز سرحد کے متنازع حصہ میں چیک پوسٹ تعمیر کررہے تھے، پاکستانی فورسز نے افغان فورسز کو تعمیراتی کام سے روک دیا تھا، تعمیراتی کام روکنے کے بعد پاکستانی فورسز اور افغان فورسز کے درمیان حالات کشیدہ ہوئے تھے، سرحدی گزرگاہ پر 2 دن تک دوطرفہ فائرنگ کا تبادلہ جاری تھا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق فائرنگ کے تبادلے میں بھاری ہتھیاروں کا استعمال کیا گیا تھا، فائرنگ کا نشانہ بن کر 8 سکیورٹی اہلکار اور ایک مقامی شہری زخمی ہوا تھا۔ سکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں 3 افغان فورسز کے اہلکار مارے گئے تھے، تجارتی سرگرمیاں بند ہونے سے تاجروں کو بھی کروڑوں روپے کا نقصان ہوا ہے۔

بقیہ 17

متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی (پھاتا) کے ڈی جی نے بریفنگ دی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے پھاتا کو مارچ تک ہدف پورا کرنے کی ہدایت کی۔ فری پلاٹ حاصل کرنے والے افراد کو گھر بنانے کے لئے قرض دینے کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے 19 اضلاع میں پھاٹا کی سابقہ 23 ہاؤسنگ اسکیموں کی بہتری اور بحالی کا حکم دیتے ہوئے ان اسکیموں کے لیے فنڈز جاری کرنے کے لیے اقدامات کی ہدایت کی۔ بریفنگ کے مطابق اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت قرضوں کی واپسی کا تناسب 100 فیصد ہے۔ پنجاب میں اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت 9661 گھر زیر تکمیل ہیں۔ پنجاب کی وزیر اعلیٰ مریم نواز کا کہنا تھا کہ بے گھر عوام کے لئے چھت فراہم کرنے کی بہت فکر ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت لوگوں کا گھر بنتا دیکھ کر بہت خوشی ہوتی ہے۔

بقیہ 18

کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کابل ایئرپورٹ پر حملے میں ملوث دہشت گرد کی گرفتاری پر پاکستان سے اظہار تشکر کیا ہے۔ پاکستان نے امریکی انٹیلی جنس لیڈ کے بعد افغانستان کے شہری اور سینئر داعش کمانڈر محمد شریف اللہ کو پاک افغان بارڈر پر ریاسیگر فتار کیا تھا۔ داعش کمانڈر محمد شریف اللہ 2021ء میں کابل ایئرپورٹ پر حملے کا ماسٹر مائنڈ تھا۔ صدر ٹرمپ نے امریکی انخلا کے دوران کابل ایئرپورٹ پر حملے کو امریکی تاریخ کا سب سے شرمناک لمحہ قرار دیا۔ کانگریس کے مشترکہ اجلاس سے خطاب میں صدر ٹرمپ نے داعش کمانڈر کی گرفتاری کا اعلان کیا اور حکومت پاکستان سے انسداد دہشت گردی میں کلیدی کردار پر اظہار تشکر کیا۔ کابل ایئرپورٹ پر حملے کے دوران 13 امریکی فوجی مارے گئے تھے۔ داعش کمانڈر محمد شریف اللہ عرف جعفر کو پاکستانی اداروں نے انٹیلی جنس آپریشن کے دوران حراست میں لیا۔ 26 اگست 2021ء کے حملے کے باعث داعش کمانڈر محمد شریف اللہ امریکی انٹیلی جنس ویلیو ٹارگٹ تھا۔ کمانڈر محمد شریف اللہ کی گرفتاری پاکستان اور ٹرمپ انتظامیہ کے انٹیلی جنس اور انسداد دہشت گردی کے حوالے سے تعاون کا مظہر ہے۔

بقیہ 19

سوشلمیڈیا کے فراہمی سے متعلق کیس کی سماعت کی، جس میں سپریم کورٹ بار کے سابقہ عہدیداران کے وکیل عابد زبیری نے دلائل دیے۔ عابد زبیری نے عدالت کو بتایا کہ گزشتہ روز اٹارنی جنرل کی عدالت کو تعیقن دہانیوں کی خلاف ورزی کا ذکر کیا تھا۔ اٹارنی جنرل کی تحریری تعیقن دہانیوں کا ذکر 5 رکنی بینچ کے فیصلے میں موجود ہے۔ تحریری تعیقن دہانیاں جن متفرق درخواستوں کے ذریعے کرائی گئیں، ان کے نمبر بھی فیصلے کا حصہ ہیں۔ اپنے دلائل میں عابد زبیری نے کہا کہ جنرل ضیاالحق نے ایف بی علی کی ملٹری ٹرائل کیا۔ جنرل ضیاالحق نے 1978ء میں ایف بی علی کو چھوڑ دیا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ جو کام ایف بی علی کرنا چاہ رہا تھا وہ ضیاالحق نے کیا۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ آرمی ایکٹ میں ملٹری ٹرائل کے لیے مکمل پروسیجر فراہم کیا گیا ہے۔ پروسیجر میں بنیادی حقوق کو تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔ آرمی ایکٹ میں فراہم پروسیجر پر عمل نہ ہونا الگ بات ہے۔ پروسیجر پر عمل نہ ہو تو پھر اس کی دستیابی کوئی فائدہ نہیں۔ جسٹس محمد علی مظہر نے ریمارکس دیے کہ ملٹری کورٹ پر 2 اعتراض ہیں۔ ایک اعتراض ملٹری ٹرائل غیر جانبدار نہیں ہوتا، دوسرا اعتراض ٹرائل کرنے والوں پر قانونی تجربہ نہ ہونے کا لگایا گیا۔ وکیل عابد زبیری نے بتایا کہ ملٹری کورٹ ایگزیکٹو کا حصہ ہے۔ جس پر جسٹس محمد علی مظہر نے استفسار کیا کہ آرمی کا کیا کام ہوتا ہے۔ آرمی کے کام میں ایگزیکٹو کہاں سے آگیا۔ عابد زبیری نے جواب دیا کہ آرمی کا کام سرحد پر لڑنا ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ فوج کا کام ملک کا دفاع کرنا ہے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ کیا آپ ملٹری کورٹ کو عدلیہ تسلیم کرتے ہیں؟۔ اگر عدلیہ تسلیم کرتے ہیں تو اس کے نتائج کچھ اور ہوں گے۔ اگر ملٹری کورٹ جوڈیشری ہے تو پھر وہ عدلیہ ہے۔ جسٹس منیب نے ملٹری کورٹ کو عدلیہ نہیں لکھا۔

بقیہ 20

کے مطابق حکومت نے بلال بن ثاقب کو پاکستان کرپٹو کونسل میں وزیر خزانہ کے مشیر کے طور پر تعینات کیا ہے، اس اقدام کا مقصد ٹیکنالوجی میں ترقی کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے ایک مضبوط پالیسی کا اطلاق ہے تاکہ ملکی معیشت، ڈیجیٹل تبدیلی اور تمام شہریوں کیلئے محفوظ اور شفاف مالی نظام کو یقینی بنایا جاسکے۔ بلال بن ثاقب کی تعیناتی پاکستان کے کرپٹو کرنسی کے شعبے میں ایک اہم قدم ہے جس سے نہ صرف مالی تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے گا بلکہ اس سے کرپٹو کرنسی کے اثرات کا جائزہ لے کر ملکی معیشت پر اس کے ممکنہ اثرات کو بھی بہتر طریقے سے سمجھا جاسکے گا۔ وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے بلال بن ثاقب کی تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی وسیع مہارت اور جدید خیالات پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کیلئے اہم ثابت ہوں گے، بلال بن ثاقب کی تعیناتی ہمارے عزم کا عکاس ہے کہ ہم نہ صرف ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کو اپنانا چاہتے ہیں بلکہ ساتھ ہی ایک محفوظ اور شفاف مالی نظام کی تشکیل کے لیے پرعزم ہیں، ہمیں یقین ہے پاکستان کے کرپٹو سیکٹر کے لئے ایک مضبوط اور موثر ریگولیٹری فریم ورک کے قیام میں وہ کلیدی کردار ادا کریں گے۔ بلال بن ثاقب نے اپنی تعیناتی پر تبصرہ کرتے ہوئے بتایا کہ کرپٹو کرنسی اور بلاک چین خاص طور پر نوجوانوں کیلئے، جو ہمارے ملک کے ڈیجیٹل مستقبل کے محرک ہیں بے پناہ صلاحیت کی حامل ٹیکنالوجیز ہیں، درست حکمت عملی اور ریگولیٹری فریم ورک کے ساتھ، ہم اپنے ملک کے نوجوانوں کو نہ صرف بااختیار بنا سکتے ہیں بلکہ معاشی ترقی کو فروغ دیکر پاکستان کو اس شعبے میں عالمی رہنما بنا سکتے ہیں۔

بقیہ 21

کے لیے مصروف عمل ہے اور اس حوالے سے ہر ممکن اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ گراں فروشی کے خلاف موثر کارروائیاں کی جارہی ہیں، جس کے نتیجے میں لاکھوں روپے کے جرمانے عائد کیے گئے ہیں۔ مسلم لیگ (ن) ہمیشہ عوامی مفاد کو ترجیح دیتی ہے اور عوام کے ساتھ کسی قسم کی ناانصافی نہیں ہونے دی جائے گی۔ ملک افضل کھوکھر نے کہا کہ ماہ رمضان کے دوران بھی گراں فروشی کے خلاف سخت اقدامات کیے جارہے ہیں تاکہ عوام کو معیاری اشیا مقررہ نرخوں پر فراہم کی جاسکیں۔ انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ کسی بھی دکاندار کی جانب سے گراں فروشی یا ذخیرہ اندوزی کی شکایت فوری طور پر متعلقہ حکام تک پہنچائیں تاکہ ایسے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جاسکے۔

بقیہ 22

ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور احسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ خیبر حکومت دہشتگردوں کے سامنے بے بس نظر آرہی ہے، اکوڑہ خٹک میں قیمتی انسانی جانوں کے نقصان کے بعد پھر بنوں میں دہشت گردی کا واقعہ لمحہ فکریہ ہے، اگر خیبر حکومت دہشتگردی واقعات کو کنٹرول نہیں کرسکتی تو پھر اپنی ناکامی کا اعتراف کرکے مستعفی ہوجائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت اپنے ہی صوبے میں اپنی رٹ قائم کرنے میں ناکام ہوچکی ہے، دہشتگردی کے آئے روز واقعات حکومتی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہیں اکوڑہ خٹک میں حملہ کے بعد بنوں میں دہشتگردی کے واقعہ نے ثابت کردیا ہے کہ خیبر حکومت کا دہشتگردوں کو پکڑنے کی بجائے سارا فوکس بیان بازی پر ہے، بلوچستان اور خیبر میں آئے روز دہشتگردی کے واقعات کو کنٹرول کرنے کیلئے عسکری قیادت بھرپور اقدامات کرے۔ شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، ہم شہدا کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ شہدا کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 23

سماعت کی۔ عدالت نے فیصل جاوید کو درج مقدمات میں گرفتار نہ کرنے کا حکم دیتے ہوئے حفاظتی ضمانت دے دی۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ مقدمات کی تفصیلات کے لیے درخواست دائر کی ہے۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل ملک دانیال خان نے بتایا کہ فیصل جاوید کے خلاف اسلام آباد میں 16 ایف آئی آر درج ہیں۔ ہم نے تفصیلات دے دی ہیں یہ وہاں عدالتوں میں پیش ہوجائیں۔ عدالت نے کہا کہ وفاقی حکومت کے اور کیسز ہیں تو اس کی رپورٹ بھی جمع کروائیں۔ اسسٹنٹ پراسیکیوٹر جنرل نیب محمد علی نے کہا کہ نیب کی جانب سے ہم جواب جمع کردیں گے۔ جسٹس صاحبزادہ اسد اللہ نے کہا ہم نے کل آپ کو طنز دی ہے اس کیس میں بھی وہی تاریخ دیتے ہیں۔ آپ عمرے کے لیے جائیں آپ کو گرفتار نہیں کیا جائے گا۔ عدالت نے فیصل جاوید کو 15 اپریل تک حفاظتی ضمانت دے دی۔

بقیہ 24

کے افسر کو شہید کیا۔ پولیس افسران نے مقامی پولیس کے ہمراہ فوری موقع پر پہنچ کر لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے منتقل کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ملوث عناصر کا سراغ لگانے کیلئے علاقے میں سرچ آپریشن کردیا اور شہر میں ناکہ بندیوں پر پولیس الرٹ ہوکر چیکنگ مزید سخت کردی۔ جائے حادثہ پر موجود افسر نے کہا کہ عینی شاہدین کے مطابق موٹر سوار نامعلوم افراد نے گھر کے قریب فائرنگ کرکے افسر کو شہید کیا، مزید تفتیش کے بعد حقائق اور قتل کی وجہ سامنے آئے گی۔

بقیہ 25

میں سے ایک سمجھا جاتا ہے، اپنی شاندار کارکردگی، پراعتماد شخصیت اور مسلسل مثبت رویہ کے باعث وہ کرکٹ کے مداحوں کے دلوں میں ایک خاص مقام ر

City News

سٹی نیوز

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سواں زوں میں مساجد کا دورہ کیا اور ڈیوٹیز چیک کیں۔

شہادت پانے والے سیکیورٹی فورسز کے 5 جوانوں کو زبردست خراج عقیدت

سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کرتے ہوئے 16 خوارجی دہشت گردوں کو جہنم واصل

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بنوں کینٹ پر حملہ ناکام بنانے کے دوران شہادت پانے والے سیکیورٹی فورسز کے 5 جوانوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وزیر داخلہ نے بہادر جوانوں کی عظیم قربانی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم اپنے ان سپوتوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ محسن نقوی نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وطن کے بہادر بیٹوں نے فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کا جوانمردی سے مقابلہ کیا اور اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے دشمن کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کرتے ہوئے 16 خوارجی دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا جو ملکی سلامتی کے خلاف سازشوں میں ملوث تھے۔ محسن نقوی نے کہا کہ قوم اپنی بہادر افواج اور سیکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور بزدل دشمن کی ہر سازش کو ناکام بنانے کے لیے متحد ہے۔

انٹک: ڈپٹی کمشنر راو عاطف رضا رمضان گلہبان چیکنگ کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انٹک پولیس کا منشیات جیسی لعنت کے خلاف جہاد جاری

6 کلو سے زائد چرس اور 02 لیٹر شراب برآمد، 8 ملزمان گرفتار

انٹک (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن ڈرگ فری پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر انٹک ڈاکٹر سردار غیاث گل خان کی زیر قیادت تھانہ انٹک خورد پولیس نے بدنام زمانہ منشیات فروش عبدالمالک ولد عبدالقدوس سکنہ مالسر تحصیل حضرو سے دوران تلاشی 1600 گرام چرس برآمد کر لی دوسری جانب تھانہ سٹی حسن ابدال پولیس کی ٹیم نے منشیات سمگلر عامر شہزاد ولد عنایت الٰہی سکنہ محلہ محمود آباد حسن ابدال کی منشیات سمگلنگ کی کوشش کو ناکام بناتے ہوئے 1550 گرام چرس برآمد کر لی۔ تھانہ ہنڈ پولیس کی کارروائی کرتے ہوئے ممتاز علی ولد غلام محمد سکنہ محلہ اسٹیشن ہنڈ کے قبضہ سے 1500 گرام چرس برآمد کر لی اسی طرح تھانہ پنڈ گھیب پولیس نے پنڈ گھیب پولیس نے منشیات کے سوداگر اسرار احمد ولد محمد شفقت سکنہ احمد ال پنڈ گھیب سے 600 گرام چرس اور بابر علی ولد محمد صادق سکنہ چکوال سے 550 گرام چرس برآمد کر لی جبکہ تھانہ صدر حسن ابدال پولیس نے دوران چیکنگ نگار خان ولد شیر بہادر ساکن برہان کے قبضہ سے 550 گرام چرس برآمد کر لی۔ تھانہ صدر انٹک پولیس نے دو شراب سپلائر وقار حسین عرف ٹیڈی ولد حیدار حسین سکنہ محلہ حیدری شین باغ تحصیل و ضلع انٹک اور زاہد خان ولد ولی داد ساکن ڈھوک منگواں شکر درہ تحصیل و ضلع انٹک کو گرفتار کر لیا جن کے قبضہ سے 10/10 لیٹر دیسی شراب برآمد ہوئی۔ انٹک پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کر کے ملزمان کو پابند سلاسل کر دیا۔

بجلی کا پول لگانے پر جھگڑا، دو سگے بھائی فائرنگ سے قتل

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) ٹیکسلا کے علاقے خرم پراچہ میں بجلی کا پول لگانے کے تنازع پر چچازاد بھائی نے فائرنگ کر کے دو سگے بھائیوں کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق ٹیکسلا کے علاقے خرم پراچہ کے رہائشی توقیر اور توفیق دو بھائی بجلی کی سپلائی کیبلے علاقے میں پول لگوانا چاہتے تھے لیکن ان کے چچازاد بھائی نصرت کو پول لگانے پر اعتراض تھا۔ دونوں فریقین میں جھگڑا ہوا اس دوران نصرت نے فائرنگ کر کے دونوں کزنز جو آپس میں سگے بھائی تھے کو زخمی کر دیا جنہیں شدید زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا لیکن وہ زخموں کی تاب نہ لا کر دونوں دم توڑ گئے۔

ایڈمنسٹریٹو سروس کے 19 افسران کو گریڈ 22 میں ترقی دیدی گئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے 19 افسران کو گریڈ 22 میں ترقی دیدی گئی۔ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان، چیئرمین پی اینڈ ڈی نبیل احمد اعوان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری احمد رضا سرور، وسیم اجمل چودھری، عنبرین رضا بلی طاہر، عثمان اختر باجوہ، محمد حمیر کریم، سید عطاالرحمان، مصدق احمد خان، راشد محمود لنگڑیال، مومن آغا، ندیم محبوب، محی الدین احمد وانی، داؤد محمد بریچ، شکیل احمد منگنیجو، سعدیہ ثروت جاوید، اسد الرحمان گیلانی اور علی سرفراز حسین کو گریڈ 22 میں ترقی دیدی گئی۔ پولیس افسران میں بی اے ناصر، غلام نبی میمن، محمد فاروق نظر، عمران یعقوب منہاس، عبدالخالق شیخ، محمد زبیر ہاشمی، محمد شہزاد سلطان اور محمد طاہر کو بھی گریڈ 22 دیدیا گیا۔

زخمی کرنے والے اشتہاری ملزم کو دبئی سے گرفتار کر لیا گیا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پولیس نے تھانہ صادق آباد کے علاقہ میں شہری کو فائرنگ کر کے زخمی کرنے والے اشتہاری ملزم کو دبئی سے گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق محمد رمیض نامی اشتہاری نے مئی 2023 میں لڑائی جھگڑے سے منع کرنے پر شہری حسن شوکت کو فائرنگ کر کے زخمی کیا تھا مذکورہ اشتہاری واقعہ کے بعد روپوش ہو کر دبئی فرار ہو گیا تھا جس پر راولپنڈی پولیس نے قانونی پراسس مکمل کر کے ملزم کے ریڈ وارنٹ جاری کروائے اور انٹرپول کی مدد سے دبئی سے گرفتار کر لیا۔

ملتان، فہد ٹاؤن گیس دھماکہ کیس کا مرکزی مفرور ملزم گرفتار

ملزم کی عبوری ضمانت خارج کر دی، جس کے بعد وہ فرار ہو گیا تھا

ملتان (نمائندہ) ملتان پولیس نے فہد ٹاؤن گیس دھماکہ کیس کے مرکزی مفرور ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق تھانہ مظفر آباد پولیس نے بدھ کے روز کارروائی کرتے ہوئے فہد ٹاؤن گیس دھماکہ کیس کے مرکزی مفرور ملزم کو گرفتار کیا۔ ملزم غیر قانونی گیس ری فلنگ میں ملوث تھا، جس کے نتیجے میں ہونے والے خوفناک دھماکے نے کئی قیمتی جانیں لیں جبکہ متعدد افراد زخمی ہو گئے تھے، پولیس نے واقعے کی تحقیقات کے دوران ملزم کو نامزد کیا تھا، تاہم ملزم نے عدالت سے عبوری ضمانت حاصل کر لی تھی۔ چند روز قبل عدالت نے ملزم کی عبوری ضمانت خارج کر دی، جس کے بعد وہ فرار ہو گیا تھا۔ ایس ایچ او تھانہ مظفر آباد محمد رمضان گل نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے مفرور ملزم کو گرفتار کیا۔ ملزم گیس مافیا کے ایک نیٹ ورک کا حصہ تھا، جو غیر قانونی گیس ری فلنگ کے دھندے میں ملوث تھا۔ ملزم کے دیگر ملوث ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ سی پی او ملتان نے ملزم کی گرفتاری پر پولیس ٹیم کو سراہتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ دیگر تمام ملوث ملزمان کو بھی گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے، تاکہ مستقبل میں ایسے خطرناک حادثات کی روک تھام ہو سکے۔ واضح رہے کہ فہد ٹاؤن گیس دھماکہ کیس میں ملزم کے خلاف دفعات 302، 7ATA، 285، 286، 109 کے تحت مقدمات درج ہیں، ملزم عبوری ضمانت خارج ہونے کے بعد مفرور ہو گیا تھا، ملزم محسن ولد رفیق آرائیں کو پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔

نگہبان رمضان مہم میں اوور چارجنگ یا کسی بھی قسم کا ٹیکس لینے کی اجازت نہیں

ڈپٹی کمشنر راؤ عاطف رضا کا گہبان رمضان کے حوالے سے اجلاس میں خطاب

اٹک (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر راؤ عاطف رضا نے کہا ہے کہ کسی بھی فرنچائز کو گلہبان رمضان مہم میں مستحق افراد سے اوور چارجنگ یا کسی بھی قسم کا ٹیکس لینے کی اجازت نہیں ہے۔ انہوں ان خیالات کا اظہار گلہبان رمضان کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں اے ڈی سی آر وقاص اسلم مارتھ، اسسٹنٹ، یو پی ایل اومنی کے ایریا منیجر رمیض خان کمشنرز، فرنچائز مالکان، ریٹیلرز اور دیگر متعلقہ افراد بھی موجود تھے۔ ڈی سی اٹک نے تمام فرنچائز مالکان اور ریٹیلرز کو سخت ہدایت کی کہ گلہبان رمضان مہم میں مستحق افراد سے کسی قسم کا ٹیکس وصول نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق ضلعی انتظامیہ گلہبان رمضان مہم کی موثر نگرانی کر رہی ہے جس کے ذریعے عوام کو ریلیف مہیا کی جا رہا ہے۔

بحریہ کے جہاز اصلت کی انڈونیشیا میں کثیر القومی مشق کموڈو-25 میں شرکت

خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ میں پاک بحریہ کے کردار کے عزم کو واضح کرتی ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاک بحریہ کے جہاز اصلت نے انڈونیشیا کے شہر بالی میں کثیر القومی مشق کموڈو-25 کے 5 ویں ایڈیشن میں شرکت کی۔ کموڈو (KOMODO-25) نے (میری ٹائم پارٹنرشپ فار پیس اینڈ آپریشنز) تھیم پر مشتمل سمندری تعاون کو فروغ دینے اور علاقائی سلامتی کو بڑھانے کے لیے تقریباً 38 ممالک کی بحری افواج کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق پی این ایس اصلت اس وقت بیرون ملک آپریشنل پر ہے۔ مشق کموڈو 25 میں جہاز کی فعال شرکت بین الاقوامی بحری تعاون اور خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ میں پاک بحریہ کے کردار کے عزم کو واضح کرتی ہے۔ مشق کا آغاز فلیٹ ریویو کے ساتھ ہوا جہاں پی این ایس اصلت نے دیگر جنگی جہازوں، ہیلی کاپٹروں اور شریک ممالک کے طیاروں کے ساتھ اپنی بحری صلاحیتوں اور باہمی تعاون کا مظاہرہ کیا۔ قبل ازیں پی این ایس اصلت نے کولمبو، سری لنکا کا دورہ کیا۔ بندرگاہ پر قیام کے دوران پی این ایس اصلت کے کمانڈنگ آفیسر نے کمانڈر ویسٹرن نیول ایریا اور دیگر فوجی حکام سے ملاقاتیں کیں۔ بات چیت کے دوران باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اور تمام شعبوں میں دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے کا اعادہ کیا گیا۔ مشن کمانڈر نے چیف آف دی نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف کی طرف سے میزبان ملک کے عوام اور بالخصوص بحری افواج کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

اسلام آباد ٹریفک پولیس کی بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں

ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق اور ڈی آئی جی سیکورٹی سید علی رضا نے مختلف سیکورٹی پوائنٹس اور مساجد کی ڈیوٹی چیک کی۔

پنجاب میں 8 ادویات غیر معیاری قرار دیدی گئیں

لاہور (نیوز رپورٹر) پنجاب میں 8 ادویات غیر معیاری قرار دیدی گئیں، انجکشن ایمی پین، انجکشن اکوانیل کا بیچ غیر معیاری قرار دیے گئے۔ فیکل انفیوژن، میٹروین انفیوژن کا بیچ بھی غیر معیاری پایا گیا، یورو فلو کینولا، روڈازول انجکشن کے 1، 1 بیچ کو بھی غیر معیاری قرار دیدیا۔ سیف میڈ انجکشن اور پلیو ویل سیرپ کا ایک ایک بیچ بھی غیر معیاری قرار، ڈرگ ٹیسٹنگ لیبز غیر معیاری قرار دی گئی ادویات کا سٹاک فوری مارکیٹ سے ہٹانے کا حکم جاری کر دیا۔

راولپنڈی، بھائی کو قتل کرنے والا اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) جاتلی پولیس نے بھائی کو قتل کرنے والے اشتہاری مجرم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس حکام کے مطابق اشتہاری مجرم عامر نے گھر میں دیوار تعمیر کرنے کے تنازع پر فائرنگ کر کے اپنے بھائی عثمان کو قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ ستمبر 2019 میں تھانہ جاتلی میں درج کیا گیا تھا۔ ترجمان راولپنڈی پولیس کے مطابق اشتہاری مجرم واقعہ کے بعد روپوش ہو گیا تھا، جاتلی پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کیا، اشتہاری کو خوس شواہد کے ساتھ عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کے مطابق قتل جیسے سنگین مقدمات میں مطلوب اشتہاری مجرمان کی گرفتاری لواحقین کو انصاف کی فراہمی میں اہم ہے۔

توہین رسالت کیس، مجرم کو عمر قید، 5 لاکھ روپے جرمانے کی سزا

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) عدالت نے توہین رسالت کیس میں مجرم کو عمر قید اور 5 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا دے دی۔ رپورٹ کے مطابق ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عرفان اکرم نے توہین رسالت کیس کا اہم فیصلہ سنایا۔ فیصلے میں عدالت نے کہا کہ یہ انتہائی گھناؤنا اور ناقابل معافی جرم ہے، اس طرح کے جرم کا ارتکاب کرنے والے مجرم کو کسی قسم کی رعایت نہیں دی جا سکتی۔ عدالتی فیصلہ سنائے جانے کے بعد مجرم ملک عارف کو اڈیالہ جیل راولپنڈی منتقل کر دیا گیا۔ واضح رہے کہ مجرم کے خلاف تھانہ سول لائن نے 4 ستمبر 2024 کو گھناؤنے فعل کا مقدمہ درج کیا تھا۔

خاتون سے زیادتی، راہزنی اور منشیات فروشی میں ملوث چھ ملزمان گرفتار

ملزم سے چھینا گیا موٹر سائیکل اور مسروقہ رقم 12 ہزار 500 روپے برآمد ہوئے

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے زیادتی، راہزنی اور منشیات فروشی میں ملوث چھ ملزمان گرفتار کر لئے۔ پولیس ترجمان کے مطابق کلر سیداں پولیس کو متاثرہ خاتون نے درخواست دی کہ ملزم عدیل نے زیادتی کی اور ویڈیو بنا کر بلیک میل کر کے رقم و زیورات لیے۔ کلر سیداں پولیس نے خاتون کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے ملزم عدیل کو گرفتار کر لیا۔ آر اے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزم ثاقب کو گرفتار کر لیا، ملزم سے چھینا گیا موٹر سائیکل اور مسروقہ رقم 12 ہزار 500 روپے برآمد ہوئے، ملزم چوری کے متعدد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہے۔ صدر واہ پولیس نے ملزم عامر کو گرفتار کر لیا، ملزم سے ایک کلو 600 گرام چرس برآمد ہوئی۔ کلر سیداں پولیس نے ملزم اسد فاروق کو گرفتار کر کے ملزم سے ایک کلو 350 گرام چرس برآمد کی۔ ائرپورٹ پولیس نے ملزم ملزم عادل کو گرفتار کر کے ملزم سے 540 گرام چرس برآمد کی۔ بنی پولیس نے ملزم اسماعیل کو گرفتار کر کے ملزم سے 367 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لئے گئے۔

قتل اقدام قتل کے مختلف واقعات میں ملوث پانچ ملزمان گرفتار

2019 تھانہ جاتلی میں درج کیا گیا تھا، اشتہاری واقعہ کے بعد روپوش ہو گیا تھا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پولیس نے مختلف تھانوں کی حدود میں قتل و اقدام قتل کے واقعات میں ملوث اشتہاری سمیت پانچ ملزمان گرفتار کر لئے۔ پولیس ترجمان کے مطابق گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چند یوم قبل شہری کو قتل کرنے والے 02 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں حسن اور ذیشان شامل ہیں، ملزمان نے ذاتی رنجش پر منصوبہ بندی کر کے شہریار کو قتل کر دیا تھا۔ واقعہ کا مقدمہ مقتول کے والد کی مدعیت میں درج کیا گیا۔ جاتلی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اپنے سگے بھائی کو قتل کرنے والے اشتہاری مجرم عامر کو گرفتار کر لیا، اشتہاری عامر نے گھر میں دیوار تعمیر کرنے کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے اپنے بھائی عثمان کو قتل کر دیا تھا۔ واقعہ کا مقدمہ ستمبر 2019 تھانہ جاتلی میں درج کیا گیا تھا، اشتہاری واقعہ کے بعد روپوش ہو گیا تھا۔ گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل و اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم راحت ایوب کو گرفتار کر لیا۔ ملزم راحت ایوب نے ساتھیوں کے ہمراہ گلی پتنہ کرنے کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے ارشد محمود کو قتل جبکہ 5 افراد کو زخمی کر دیا تھا۔

خواتین کے عالمی دن کے حوالے سے آرٹ مقابلے کا انعقاد

بااختیار خواتین ایک خوشحال معاشرے کی ریڑھ کی ہڈی ہیں کے شاندار پیغام کے ساتھ ہوا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) قومی کمیشن برائے وقار نسواں (این سی ایس ڈبلیو) نے نارویجن چرچ ایڈ (این سی اے) کے اشتراک سے فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی راولپنڈی میں خواتین کے عالمی دن 2025 کے حوالے سے ایک آرٹ مقابلے کا انعقاد کیا۔ اس مقابلے کا تھیم "ایکسلریٹ ایکشن فار ایمپاورمنٹ" تھا جس میں طالبات نے پرجوش شرکت کی اور اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا بہترین مظاہرہ کیا۔ جیوری نے نوجوان ذہنوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو جانچتے ہوئے تین فاتحین کا انتخاب کیا۔ اس موقع پر مقامی اور بین الاقوامی تنظیموں کے ماہرین کی قیادت میں آگاہی سیشن کا انعقاد بھی کیا گیا جس میں خواتین کو بااختیار بنانے کی اہمیت اور صنفی مساوات کو فروغ دینے میں طلباء کے کردار کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ این سی ایس ڈبلیو کی چیئرپرسن ام لیلیٰ اظہر نے اپنے تجربات کا اشتراک کرتے ہوئے طالبات پر زور دیا کہ وہ خواتین کے حقوق اور انہیں بااختیار بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے قوانین کو بہتر بنانے، تشدد کی روک تھام، خواتین کی تعلیم اور انہیں معاشی طور پر بااختیار بنانے کے لیے این سی ایس ڈبلیو کی کوششوں پر روشنی ڈالی۔ تقریب کا اختتام بااختیار خواتین ایک خوشحال معاشرے کی ریڑھ کی ہڈی ہیں کے شاندار پیغام کے ساتھ ہوا۔

راولپنڈی: ایس ایس پی آپریشنز کاشف ذوالفقار کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں میٹنگ

چیئرمین تعلیمی بورڈ کے ہمراہ مختلف تعلیمی اداروں کا دورہ

تعلیمی بورڈ کی طرف سے کئے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ اور اطمینان کا اظہار کیا

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کی رکن قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب اور رکن صوبائی اسمبلی شازیہ رضوان افسر نے چیئرمین تعلیمی بورڈ کے ہمراہ راولپنڈی شہر کے مختلف تعلیمی اداروں کا دورہ کیا۔ بدھ کو ایم این اے طاہرہ اورنگ زیب اور ایم پی اے شازیہ رضوان افسر نے چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی محمد عدنان خان کے ہمراہ گورنمنٹ گریجویٹ کالج سٹلائٹ ٹاؤن (سینئر A اور B)، گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج (ویمن) سینئر اے اور بی اور گورنمنٹ شملہ اسلامیہ گرلز ہائی سکول بی بلاک سٹلائٹ ٹاؤن امتحان میٹرک (فرسٹ اینول) 2025 کے امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے تعلیمی بورڈ کی طرف سے کئے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ اور اطمینان کا اظہار کیا۔ دورہ کے بعد گفتگو کرتے ہوئے طاہرہ اورنگ زیب نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز پرامن اور شفاف امتحانات کے انعقاد کے لئے پرعزم ہیں اور زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائے ہوئے ہیں، شامل امتحان امیدواران کو بہترین امتحانی سہولیات فراہم کرنا تعلیمی بورڈ کی اہم ذمہ داری ہے۔

تھانہ کرپا پولیس ٹیم نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کر لیا۔

پالیسی پر تجاویز دینے کی بجائے شہریوں کو محفوظ بنانے پر توجہ دینی چاہیے

گنڈاپور یہ سوچیں کہ صوبے میں سیف سٹی کیمرے کیسے لگانے ہیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ علی امین گنڈاپور کو خارجہ پالیسی پر تجاویز دینے کی بجائے شہریوں کو محفوظ بنانے پر توجہ دینی چاہیے، گنڈاپور یہ سوچیں کہ صوبے میں سیف سٹی کیمرے کیسے لگانے ہیں؟ وزیر اعظم نے ٹرمپ کے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ علاقائی امن وامان استحکام کیلئے امریکا کے ساتھ مل کر کام کرتے رہیں گے۔ انہوں نے جیو نیوز کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم نے اپنے ٹویٹ میں دو ایشوز کو اجاگر کیا ہے ایک یہ کہ علاقائی امن وامان استحکام کیلئے امریکا کے ساتھ مل کر کام کرتے رہیں گے، دوسرا دہشت گرد کا ٹائپ کمانڈر پاک افغان بارڈر سے گرفتار کیا ہے، شریف اللہ افغان شہری اور متعدد دہشتگردی کے واقعات میں ملوث تھا، دہشتگردی کی جنگ انسانیت کا مشترکہ ایشو ہے۔ کیونکہ دہشتگردی کا کوئی رنگ نسل کوئی دین نہیں ہوتا ہے، فتنہ الخوارج امن وسلامتی کو خراب کرنا چاہتا ہے، آج امریکی صدر نے پاکستانی عوام کا شکریہ ادا کیا ہے، شہباز شریف نے بھی صدر ٹرمپ کے شکریہ کے جواب میں شکریہ کا پیغام دیا ہے، وزیر اعظم نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے۔ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستان نے 80 ہزار جانوں کی قربانی دی۔ جب تک دہشتگردی کا خاتمہ نہیں ہوگا خطے میں امن نہیں آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ علی گنڈاپور کو چاہئے کہ خارجہ پالیسی معاملات کو وفاقی خارجہ پر چھوڑیں، وہ یہ سوچیں کہ صوبے میں سیف سٹی کیمرے کیسے لگانے ہیں؟ علی امین خارجہ پالیسی کی بجائے شہریوں کو محفوظ بنانے پر توجہ دیں۔

وفاقی وزیر احسن اقبال کا راولپنڈی چیمبر آف کامرس کا دورہ

وفاقی وزیر احسن اقبال نے پاکستان کی معاشی ترقی میں نجی شعبے کے کلیدی کردار کو اجاگر کیا

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و اصلاحات پروفیسر ڈاکٹر احسن اقبال نے راولپنڈی چیمبر آف کامرس کا دورہ کیا، چیمبر کے صدر عثمان شوکت اور گروپ لیڈر سہیل الطاف نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ سینئر نائب صدر خالد فاروق قاضی، نائب صدر فہد برلاس، سابق صدور، انجمن تاجران کے شاہد غفور پراچہ، شیخ حفیظ، آصف ادریس اور دیگر معزز ممبران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ دورے کے دوران صدر عثمان شوکت نے وفاقی وزیر کو چیمبر کی جاری سرگرمیوں کے بارے میں آگاہ کیا، خاص طور پر ریوائیو پاکستان منصوبے پر روشنی ڈالی، جس کا مقصد قومی اعتماد بحال کرنا، معیشت کو مستحکم کرنا اور ترقی کا ایک نیا راستہ ہموار کرنا ہے۔ انہوں نے علاقائی تجارت کے فروغ، راولپنڈی میں ایکسپو سینٹر کے قیام، کاروباری لاگت میں کمی، اور صنعتی و اقتصادی زونز کے قیام کی ضرورت پر زور دیا۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے پاکستان کی معاشی ترقی میں نجی شعبے کے کلیدی کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے یقین دلایا کہ حکومت برآمدات کے فروغ اور کاروباری مسابقت کے ماحول کو بہتر بنانے کے لیے چیمبرز کو ماہرین کے طور پر شامل کرے گی۔ مزید برآں، انہوں نے وزارت تجارت سے راولپنڈی میں ایکسپو سینٹر کے قیام پر بات کرنے کا عزم ظاہر کیا اور کاروباری لاگت، خاص طور پر توانائی کی قیمتوں میں کمی کے لیے حکومتی کوششوں کو اجاگر کیا۔ وزیر احسن اقبال نے اڑان پاکستان کی اہمیت پر زور دیا، جو ایک نیا اقتصادی اقدام ہے جس کا مقصد مستحکم معاشی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا نجی شعبہ ترقی کا اصل محرک ہے، اور برآمدات میں اضافہ، ٹیکس وصولی کو منظم کرنا اور توانائی کی لاگت میں کمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔

اچنیوٹ میں اپنی رہائش گاہ پر افطار ڈنر کا اہتمام

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ نے اپنی چنیوٹ کی رہائش گاہ پر افطار ڈنر کا اہتمام کیا۔ اس موقع پر ان کے حلقہ سے بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ حسب روایت ڈیرہ قیصر احمد شیخ چنیوٹ میں رمضان المبارک کے دوران روزانہ وسیع افطاری کا اہتمام کیا جا رہا ہے جس میں سینکڑوں کی تعداد میں روزہ دار افطار ڈنر میں شرکت کرتے ہیں۔ اس موقع پر مہمانوں کیلئے بہترین انتظامات کئے گئے ہیں جبکہ روحانی و برکتوں سے بھرپور اس اجتماع میں روزہ داروں نے رمضان کی برکتوں سے فیض یاب ہوتے ہوئے ملکی سلامتی اور ترقی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

پولیس پر مبینہ فائرنگ سے بین الاضلاعی کار چور ہلاک

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) تھانہ صدر واہ کے علاقے کار چوروں کی پولیس پر مبینہ فائرنگ سے بین الاضلاعی کار چور ہلاک ہو گیا جبکہ ملزم کے ساتھی فرار ہو گئے پولیس نے چوری شدہ کار اور اسلحہ برآمد کر لیا پولیس کے مطابق پولیس نے کینٹ کے علاقہ سے چوری ہونے والی گاڑی کو روکنے کی کوشش کی تو ملزمان نے گاڑی بھگا دی تعاقب کرنے پر ملزمان نے پولیس پر فائرنگ کر دی جس سے جاوید نامی ملزم جان کی بازی ہار گیا جو پنجاب کے مختلف اضلاع میں ڈکیتی اور کار چوری کے 40 سے زائد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ اور سزا یافتہ بھی تھا تاہم ملزم کے دیگر ساتھی موقع سے فرار ہو گئے۔

پنجاب یونیورسٹی اور صوبائی محتسب پنجاب آفس کے درمیان معاہدہ

لاہور (نیوز رپورٹر) پنجاب یونیورسٹی اور دفتر محتسب پنجاب کے ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ ونگ کے ساتھ باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تحقیقی تعاون کو فروغ دینے کا معاہدہ طے پا گیا۔ اس سلسلے میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی آفس کے کمیٹی روم میں منعقد ہوئی۔ معاہدے کا مقصد تعلیمی تعاون کو مضبوط بنانا، تحقیقی وسائل کے تبادلے میں سہولت فراہم کرنا اور مشترکہ سمپوزیا، سیمینارز، ورکشاپس، کانفرنسز وغیرہ کا اہتمام کرنا ہے۔

حکومت نے پنشن بارے بڑی تبدیلیاں کر دیں، نوٹیفکیشن جاری

موجودہ پنشنرز کیلئے بھی پنشن میں اضافے کا نیا طریقہ کار طے کر دیا گیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی حکومت کی جانب سے پنشن کیلکولیشن کے اصولوں میں بڑی تبدیلی کر دی گئی ہے اور متعدد شرائط بھی عائد کر دی گئیں۔ وفاقی حکومت نے پنشن کی حد بندیوں پر نیا نوٹیفکیشن جاری کر دیا اور اس میں کہا گیا ہے کہ پنشن کا حساب اب آخری 24 ماہ کی اوسط تنخواہ پر ہوگا اور ملازمین کو ایک سے زیادہ پنشن لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق رضاکارانہ ریٹائرمنٹ لینے والوں پر نیا اصول لاگو نہیں ہوگا، نوکری کے آخری سال میں اضافی انکریمنٹ اوسط پنشن میں شامل نہیں ہوگا۔ موجودہ پنشنرز کیلئے بھی پنشن میں اضافے کا نیا طریقہ کار طے کر دیا گیا ہے، خاندانی پنشن کا حساب اب نیٹ پنشن کی بنیاد پر ہوگا۔ حکومت کی جانب سے پنشن کے حوالے سے جاری نئی وضاحتوں کے مطابق ریٹائرمنٹ کے مہینے میں کام کیے گئے دنوں کو پورا مہینہ شمار کیا جائے گا۔

نیشنل پریس کلب اسلام آباد کے سالانہ انتخابات کے شیڈول کا اعلان

امیدواروں کی حتمی فہرست 12 مارچ کو رات 11 بجے آویزاں کی جائے گی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) نیشنل پریس کلب (این پی سی) اسلام آباد کے سالانہ انتخابات برائے سال 2025-26ء کیلئے انتخابی شیڈول کا اعلان کر دیا گیا جس کے مطابق کاغذات نامزدگی 5 تا 7 مارچ تک رات 08 بجے سے 12 بجے رات وصول کئے جائیں گے۔ پولنگ 17 مارچ کو ہوگی۔ بدھ کو چیئرمین الیکشن کمیٹی عاصم قدیر راتا کے دستخط سے جاری الیکشن شیڈول کے مطابق کاغذات کی سکروٹنی 8 مارچ شام 08 بجے سے رات تا 12 بجے تک ہوگی۔ عبوری لسٹ 8 مارچ کو رات 12 بجے جاری کر دی جائے گی۔ کاغذات نامزدگی پر اعتراضات 09 مارچ کو 08 بجے شام تا 12 بجے رات داخل کرائے جا سکیں گے۔ ان اعتراضات پر سماعت 10 مارچ کو 08 بجے شام تا 12 بجے رات ہوگی۔ کاغذات نامزدگی واپس لینے کی تاریخ 11 مارچ کو 08 بجے شام سے 12 بجے رات مقرر کی گئی ہے۔ امیدواروں کی حتمی فہ